نے آپ سے یہ تقاضہ کیا کہ آپ حسب سابق پھر صرف سائل ہی کو اکیلے موردِ الزام ٹھہراتے ہوئے بدنیتی کی بنا پر ایک بار پھر حدف بنائیں؟ جیسا کہ پہلے دن جب انکوائری افسر نے عدالتی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے فریقین کو آمنے سامنے بٹھانے کے بجائے الگ الگ سُنا اور جب سائل کی باری آئی تو سپرنٹنڈنٹ جناب عادل خان صاحب اور DO جناب سید علی بخش صاحب جو انکوائری افسر کو ڈکٹیٹ کررہے تھے جناب عادل خان صاحب نے بھی دوران گفتگو سائل کے اِس نقطہ اور مذکورہ بالا قانون کو تسلیم کیا لیکن انکوائری افسر نے سائل کے خلاف تو اُنکی ڈکٹیشن کو تسلیم کیا مگر ایسے نقاط جو سائل کے حق میں تھے اور جن کی طرف اُن کی توجہ دلائی گئی انہیں نظر انداز کرتے ہوئے بدنیتی کی بنا پر اور ملی بھگت کا ثبوت دیتے ہوئے زد اور تعصب اور بغض وعناد کی بنا پر صرف سائل کو نہ صرف حدف بنایا بلکہ پہلے سے بھی زیادہ غیر حاضریوں کا الزام عائد کردیا۔ حالانکہ جہاں تک سائل کو یاد پڑھتا ہے 2013 میں جب سابق سپرنٹنڈنٹ صاحبزادہ شمس الرحمان صاحب مذکورہ بدنیتی، زد و تعصب اور بغض وعناد کی بنا پر جب سائل پر غیر حاضریوں کا الزام لگا کر اِس کی جواب طلبی کرتے تو سائل ایسی explanation calls کا زبردست جواب دیتے ہوئے نہ صرف اپنی پوزیشن کو واضح کرتا بلکہ دیگر لوگوں کی طرف بھی توجہ دلاتا جو گھر بیٹھے حاضریاں لگوا رہے یا جن کی تقرریاں ہی سرے سے غلط تھیں اور سائل کا ہمیشہ یہی موقف رہا نیز جس ٹیلیفونک ڈیٹا کو انکوائریوں کا حصہ بنانے کی سائل نے بار بار درخواست کی اِسے بھی حسب سابق پھر نظر انداز کردیا گیا۔

سائل نے دوران انکوائری یہ بھی انکشاف کیا کہ انتظامیہ نے بعد از ضمانت وجیل سے رہائی سائل کو ڈیوٹی پر نہ آنے دیا اور ممکنہ خطرات کی طرف توجہ دلائی اور اِن لوگوں میں ورک اور سیئر منیر صاحب بھی تھے جن کا بھی ٹیلیفونک ڈیٹا ملاحظہ کرنے کی ضرورت ہے اور اگر اُس وقت سائل یہ تقاضہ کرتا کہ مجھے لکھ کر دیں کہ میں ڈیوٹی پر نہ آؤں یا صرف گیٹ سے واپس چلا جاؤں تو یہ لوگ خود کو ہر طرح کی ذمہ داری سے بری الذمہ کرتے ہوئے سائل کی جان کو خطرہ میں ڈال سکتے تھے۔

چنانچہ عادل صاحب نے کہا کے ''اچھا منیر نے آپ کو نہیں آنے دیا؟'' چنانچہ بار بار اصرار کرنے پر بلآخر انکوائری افسر نے اِس بات کی حامی بھر لی کہ مطلوبہ ٹیلیفونک ریکارڈ حاصل کرنے کے لئے متعلقہ اداروں سے رابطہ کیا جائے گا کیونکہ سائل جو اکیلا اور کمزور ہے اِس کی کہیں نہیں سُنی جاتی مگر اب اِس بات پر اُنہوں نے اپنی انکوائری میں مکمل خاموشی ظاہر کردی کیونکہ آپ لوگوں کی پیشِ نظر **صرف سائل ہی کو ٹارگٹ کرنا مقصود ہوتا ہے۔**

☆ جناب والا! جیسا کہ سائل بار بار اپنی شکایات میں ادارہ ھذا سے ریٹائر ہونے والے **سابق نابینا کین سپر وائزر (cane supervisor) جناب عبدالبصیر صاحب افغانی** کا بھی ذکر کرتا رہا جن کے حوالے سے بھی سائل بطور ثبوت کئی ٹیلیفون کالز کا ریکارڈ حاصل کرنے کے لئے زونگ فرنچائز سے رابطہ کرتا رہا جو بے سود رہا۔ سائل نے اپنا تمام شکایات پر مشتمل ریکارڈ جو عدالتوں میں بھی پیش کیا اور انکوائری افسر کو بھی DVD کی شکل میں پیش کیا جس پر نا تو افسوس ناک طور پر عدالتوں نے اپنے فیصلوں میں کوئی خاص ذکر فرمایا اور نہ ہی اِس پر انکوائری افسر نے کوئی لب کشائی کی: اِس ریکارڈ میں زونگ فرنچائز مینیجر کے نام وہ درخواست/سوال نامہ بھی شامل تھا جو Right To Information / Access To Information ایکٹ کے تحت مذکورہ ٹیلیفون کال کا ریکارڈ مفادہ عامہ کے پیشِ نظر طلب کیا گیا تھا جو سائل نے مذکورہ افغانی کے ایک دوست کو کی تھی اور اپنے پاس بھی کال کا ریکارڈ محفوظ کیا تھا مگر متعلقہ اداروں نے لاپرواہی کی اور وہ کال زیادہ دیر تک سائل کے پاس محفوظ نہ رہ سکی تھی اور **زونگ فرنچائز ایبٹ آباد نے بھی ضمن میں سائل کے ساتھ کوئی تعاون نہ کیا۔**

☆ عبدالبصیر افغانی صاحب کا جملہ ریکارڈ مثلاً اُن کا نادرا سے تصدیق شدہ CNIC، اُن کے ڈومیسائل و دیگر کاغذات کی نقول

لئے یہ مصرع دہرایا تھا اب یہی مصرع سائل نے تجمل کے لئے دہرایا:

سجناں کوں ٹور بیٹھی آں، سے کوں منھ کھوں لگے ارمان

یعنی جناب علی زمان صاحب نے بصد شکریہ سائل کی حوصلہ افزائی مگر ادارہ کے خلاف پروپیگنڈا کرتے ہوئے سائل کو ٹیلیفون کال پر بار ہا یہ مصرع سنایا جس کا مفہوم یہ تھا کہ اگر یہ لوگ سائل کے مشوروں اور تجاویز پر عمل کر لیتے تو گاڑی چوری / گمشدگی کا واقع پیش نہ آتا اور اب سائل یہ درخواست کر رہا تھا کہ یہ مصرع تجمل کے لئے بھی دہرایا جائے جس کی عدم موجودگی میں ہمیں پرکن نہ چلانے جیسی مشکلات پیش آرہی ہیں۔

بعد ازاں مادام نے ہمیں حکم دیا کہ ہم تجمل سے اُس کی آمد پر پرکن کی تربیت لیں اور جب تجمل کی ادارہ میں دوبارہ آمد ہوئی تو سائل نے ذاتی دلچسپی ظاہر کرتے ہوئے جیسا کہ پہلے بھی تجمل سے پرکنز سکھانے کی کئی مرتبہ درخواست کی تھی اب پھر دہرائی اور مادام کے حکم کا بھی حوالہ دیا چنانچہ تجمل صاحب نے بصد شکریہ یہ درخواست قبول کرتے ہوئے بتایا کہ اِن کا فلاں فلاں پیریڈ خالی ہوتا ہے اُس میں آکر مجھ سے پرکن سیکھ لیجیئے گا۔

چنانچہ ایک دن ہم مطلوبہ سٹاف ممبران تجمل کے کمرے میں بیٹھے تھے اور یہ بات بھی ہمیں یاد آ گئی اور مادام نے تجمل کو حکم دیا کہ وہ ہمیں پرکن سکھائے جس کی تعمیل میں تجمل نے سائل اور علی زمان صاحب کی ایک دن کی کلاس لے کر ہمیں پرکن کا ضروری تصور دیتے ہوئے ہمیں معلومات دینے کے علاوہ اِس کے تعارف کے ساتھ ساتھ عملی مشق بھی کروائی اور اگرچہ ایک دن میں پرکن سیکھا جا سکتا ہے لیکن اِس میں لکھنے کی رفتار بار بار عملی مشق پر منحصر ہے۔ بہرحال زندگی میں پہلی مرتبہ سائل نے پرکن پر لکھا۔

6۔ یہ کہ سائل جب فیصل آباد میں زیرِ تعلیم تھا تو دریں اثنا مس شمشاد صاحبہ سربراہ ادارہ بی جن کا پہلا دور 2006 تا 2009 تھا جو کہ سائل کی نظر میں ادارہ کی پوری تاریخ کا ایک بدترین دور رہا۔ پہلے کے مقابلہ میں مادام آج ایک اچھی منتظمہ بن کر سامنے آرہی ہیں اور ادارہ میں جب سے CCTV کیمرہ جات کی تنصیب ہوئی ہے ادارہ میں کافی بہتری اور نمایاں تبدیلی واقع ہوئی ہے اور سائل اللہ کے بعد مادام کا شکر گزار ہے کہ اب وہ پہلے کی سی غلطیاں نہیں دہرا رہی۔ ماضی میں سائل کو اِن پر یہ شدید اعتراض رہا کہ اُنہوں نے سابقہ افسران کے برعکس سٹاف کو شدید کام چوری کی عادت ڈالی اور گھر بیٹھے ہی سٹاف کی حاضریاں لگ جایا کرتی تھیں چونکہ ہمارے کلرکس ہی اکثر ہماری حاضریاں لگاتے ہیں اور ادارہ میں اُس وقت نہ تو CCTV کیمرے تھے اور نہ ہی تا حال سائل کی اِس تجویز پر عمل درآمد ہوا ہے کہ چوکیدار بھی رجسٹرز میں ہر آنے جانے والے شخص کی آمد و رفت کا ریکارڈ مرتب کریں۔ چنانچہ یہ لوگ اپنی من پسند سے حاضریاں لگاتے ہیں۔ چنانچہ سائل پر پہلے تو بعد از ضمانت و جیل سے رہائی 8 ماہ تک مسلسل غیر حاضری کا الزام تھا لیکن اب موجودہ بدنیت انکوائری افسر نے 2013 کی غیر حاضریاں بھی سائل کے کھاتے میں ڈال دی ہیں اور اتنی پرانی باتیں یاد رکھنا بھی نہایت مشکل ہے۔ چنانچہ قانوناً مسلسل غیر حاضر ملازم کو سات یوم کے اندر اظہارِ وجوہ نوٹس جاری کرنا پڑتا ہے اور بدورانِ اپیل گزشتہ سروس ٹریبونل میں جب سائل کی نام نہاد 8 ماہ کی مسلسل غیر حاضریوں کا مسئلہ زیرِ بحث آیا اور سائل نے مذکورہ قانون کا حوالہ دیتے ہوئے گزارش کی کہ اگر سائل مسلسل 8 ماہ تک غیر حاضر تھا تو مذکورہ قانون کے مطابق سائل کو اظہارِ وجوہ نوٹسز جاری کیوں نہ ہوئے؟ عدالت نے بھی سرکاری وکیل پر اظہار برہمی کرتے ہوئے پوچھا کہ "اگر یہ 8 ماہ تک مسلسل غیر حاضر تھا تو کیا ڈیپارٹمنٹ اس دوران سویا رہا؟"

جناب والا! کیا اب آپ کو معلوم ہوا کہ عدالت نے کن کن وجوہ کی بنا پر De Novo انکوائری کا حکم دیا تھا کیا عدالت

نے نقاط ایک ۔دو لکھنے ہوں تو ہم دونوں بٹنوں کو اکھٹا دبا دیتے ہیں اور کاغذ کو ٹائپ رائیٹر ہی کی طرح اُس میں فٹ کرتے ہیں۔ پرکن میں ایک لائن میں 42 سیل ہوتے ہیں اور لائن ختم ہونے سے کچھ دیر قبل گھنٹی بھی بجتی ہے تا کہ ہم جو لکھنا چاہیں اُسے باقی ماندہ خانوں کو مدِ نظر رکھ کر لکھیں اِس میں ایک خصوصیت یہ بھی ہوتی ہے کہ جو کچھ لکھا جا رہا ہو پرکن کے اوپر ظاہر بھی ہوتا رہتا ہے اور غلط لکھائی کو مٹانے کا بھی اہتمام ہوتا ہے۔ یوں خصوصاً ریاضی لکھنے کے لئے یہ بہت موزوں ہے۔ اور ہم اپنے زمانہ طالبعلمی میں سنا کرتے تھے کہ جماعیت پنجم تک طلباء کو پرکن مشنیں مل جانی چاہئیں لیکن ہمیں کسی نے نہ دی۔ ہم سنتے تھے کے پنجاب میں جماعت پنجم تک طلباء کو ان مشینوں کا استعمال بھی سکھایا جاتا ہے۔لیکن اصرار کے باوجود سائل کو پنجاب میں بھی کسی نے پرکن سکھانے کی طرف کوئی خاص توجہ نہ دی مگر تجمل اِسے سیکھنے میں کامیاب ہوگیا۔اور سائل کا چھوٹا بھائی کبیر بھی۔

ہمارے زمانہ طالبعلمی میں یونس صاحب ہمیں بریل چارٹس اور کتابیں بریل میں پرکن مشین کے ذریعے ہی لکھ کر دیا کرتے تھے اور غالباً ادارہ میں صرف دو پرکن مشینیں تھیں ایک علی زمان صاحب کے تحویل میں اور دوسری یونس صاحب کے تحویل میں تھی۔

جب سائل جماعت ششم میں المینار مرکز فیصل آباد میں داخل ہوا تو اسے اس مشین کا نام بھی درست طور پر نہیں آتا تھا اور یہاں ''پرکن'' کا لفظ ''پارکل' غلط اور عام تھا۔ چنانچہ سائل نے پہلے دن ہی المینار کے اُستاد جناب نعیم بٹ صاحب سے دریافت کیا کہ ''جناب کیا آپ مجھے پارکل بھی سکھائیں گے؟'' پہلے تو اُنہیں بات سمجھ نہ آئی اور جب سمجھ آئی تو خوب ہنسے اور بتایا کہ اس کا نام ''پارکل'' نہیں بلکہ ''پرکن بریلر'' ہے''۔ گزشتہ دنوں جب تجمل کو ایک تربیت دینے کے سلسلہ میں باہر جانا پڑا اور باہر سے کمشنر صاحب یا کسی اور وزٹر نے آنا تھا تو مادام یہ سمجھتی تھیں کہ سائل کو پرکن کا طریقہ استعمال معلوم ہے اور دیگر سٹاف کے مقابلہ میں تجمل کی کمی کو صرف سائل ہی پورا کرسکتا ہے لیکن انہیں یہ جان کر شدید مایوسی ہوئی کے سائل سمیت کوئی بھی اس کا استعمال نہیں جانتا تھا اور کسی سے پرکن میں کاغذ بھی فِٹ نہ ہوتا تھا۔ جس پر مادام شدید پریشان ہوئیں حالانکہ پہلے کے مقابلہ میں پرکنز نئے منگوانے کی وجہ سے اِن کی تعداد بھی زیادہ ہوگئی لیکن تجمل کی گیر موجودگی میں ہم میں سے کوئی ایک بھی اِسے استعمال نہ کرسکا اور ہمارے پاس سوائے کمشنر صاحب سے جھوٹ بولنے کے اور کوئی چارہ نہ تھا کہ یہ پرکنز چونکہ نئے منگوائے گئے ہیں لہذا یہ خراب ہیں اور یہ ترکیب ہمیں محترم DO صاحب اور سپرنٹنڈنٹ صاحبہ نے سمجھائی اور وہ پریشان ہوکر دعا کرنے لگیں کہ اللہ ہماری عزت کی حفاظت فرمائے۔ چنانچہ جب بھی ادارہ میں نئے پرکنز وغیرہ آتے ہیں تو تجمل ہی اُنکا معائنہ کر کے اُن کی اچھی یا بُری کنڈیشن کے بارے میں رپورٹ تیار کرواتا ہے۔

اِس موقع پر علی زمان صاحب یہ عزر و اعتراض پیش کرنے لگے کہ کافی عرصہ ہوا ہم نے پرکنز کو چھوا تک نہیں۔ بدیں وجہ ہمیں اِس کے استعمال کی مشق نہیں رہی۔ حالانکہ وہ اِس بات سے اپنی کمزوری ظاہر کر رہے تھے اور خود یہ ثابت کر رہے تھے کہ اُنہوں نے جماعت پنجم کے طلباء کو پرکنز پر ریاضی نہیں سکھائی اور نہ ہی ریاضی کی کتابیں پڑھائیں جس کے باعث وہ خصوصاً میٹرک میں ریاضی کا امتحان پاس کرنے کے قابل نہیں ہوتے اور مذکورہ غیر قانونی طریقوں سے اِن طلباء کے امتحان پاس کرنے اور محکمہ کے لوگوں کی طرف سے امتحانی عملہ کے ساتھ ملی بھگت کرتے ہوئے امتحان غیر قانونی طریقوں سے پاس کروانے کے حوالے سے سائل کے پیش کردہ حقائق بالکل درست ہیں۔

اِس موقع پر جب کے ہمیں پرکن چلانا نہیں آرہا تھا سائل نے علی زمان صاحب کی جانب سے جو معروف گلوکار عطاء اللہ عیسیٰ خیلوی صاحب کا گایا ہوا ایک سرائیکی مصرع جو علی زمان صاحب نے ادارہ کی گاڑی کی چوری / گمشدگی کے موقع پر سائل کے

اِس طرح زیادہ سے زیادہ اشکال کا احاطہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے جیسا کہ اُردو میں حرف ژ وہ واحد اُردو کا حرف ہے جسے ایک نہیں بلکہ دو خانوں میں لکھا جاتا ہے پہلے پانچ کے خانے میں ایک نقطہ لگا کر اگلے سیل میں ۱-۳-۵-۶ جو کہ ز کا کوڈ ہوتا ہے لکھا جاتا ہے تو نقاط ۵-۱-۳-۵-۶ ژ بن جاتا ہے۔

اِسی طرح گنتی ودیگر علامات ریاضی کے لیئے بھی دو دو خانے استعمال ہوتے ہیں۔ پہلے خانے میں نشان گنتی لگایا جاتا ہے جس کا کوڈ ۳-۴-۵-۶ ہے اور بعد ازاں انگریزی کی تہجی ترتیب کے مطابق A تا J حروف گنتی کو ظاہر کرتے ہیں۔ A ایک اور J صفر کا ظاہر کرتا ہے۔ چنانچہ نشان گنتی جمع A برابر 1، نشان گنتی جمع B برابر 2، نشان گنتی جمع C برابر 3، نشان گنتی جمع D برابر ۴، اسی طرح نشان گنتی جمع E برابر ۵، اسی طرح نشان گنتی جمع F برابر ۶، نشان گنتی جمع G برابر ۷، نشان گنتی جمع H برابر ۸، اور اسی طرح نشان گنتی جمع I برابر ۹، نشان گنتی جمع J برابا صفر۔ اگر دس لکھنا ہو تو نشان گنتی کے بعد بغیر سپیس کے A جو کہ ایک کی علامت ہے اور پھر J صفر کی علامت درج کی جاتی ہے۔ وعلیٰ ھذ القیاس۔

علاوہ ازیں نشان گنتی درجہ دوئم میں یعنی مخففات والی بریل میں بھی استعمال ہوتا ہے جو کُل لفظ اور جزو لفظ ہر دو صورتوں میں نے کے لئے استعمال ہوتا ہے اور کُل لفظی مرکب مخففات میں A تا J کی انگریزی تہجی ترتیب اور الف تا ج جو گنتی کے لئے استعمال ہوتے ہیں کہ علاوہ کسی حرف کے ساتھ مل کر کوئی نیا لفظ بنا دیتا ہے۔

نوٹ: چونکہ طلباء حروف کے علاوہ کچھ علامتوں اور حرکات کے کوڈز بھی پہلی جماعت میں یاد کرتے ہیں اور انہیں بھی غلطی سے حروف سمجھ لیتے ہیں چنانچہ اُن کا یہ نظریہ ہے کہ بریل کے حروف تہجی عام لکھائی کے حروف تہجی سے زیادہ ہیں۔

سٹائلس ایک سوئی کے اوپر ایک کسی چیز کے بنی ہوئی ایک رکاوٹ ہوتی ہے جسے ہم ہاتھ سے پکڑ کر اُس کے نچلے حصے یعنی سوئی سے سوراخ کر کر کاغذ میں لکھتے جاتے ہیں یعنی جس کریکٹر کی جو پہچان یا جو کوڈ ہوتا ہے اُس کے مطابق خانوں میں نقطے ڈال کر اُس کی پوزیشن بنتی چلی جاتی ہے۔ اور کاغذ پر مخصوص شناخت کے ذریعے پڑھا جاتا ہے لیکن جیسا کہ مندرجہ بالا تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ لکھنے کے دوران ہم اِسے عموماً پڑھ نہیں سکتے کیوں کہ یہ ایک مشکل کام ہوتا ہے اور کاغذ کی دوسری طرف لکھا جاتا ہے چنانچہ اِسے پڑھنے کے لئے بار بار کاغذ کو فریم سے نکالنا پڑھے گا مگر بریل کے ماہرین اس وقت طلب کام کو بھی با آسانی اور بخوبی سرانجام دے سکتے ہیں۔ بہر حال فریم پر ریاضی لکھنا بہت مشکل ہے۔ اِس مقصد کے لئے پرکن بریلر زیادہ موزوں ہے۔

پرکن بریلر

پرکن ایک انگریز باشندے کا نام تھا جس کے نام پر امریکہ میں ایک نابینا ادرہ بھی قائم ہے اِس شخص نے عام ٹائپ رائٹر سے ملتی جلتی نابینا افراد کے لئے ایک بریل مشین ایجاد کی جسے "پرکن بریلر" کہا جاتا ہے۔ ٹائپ رائٹر میں تو کمپیوٹر کے keyboard طرح ہر حرف اور ہندسے کے بٹن اور ضروری function keys بھی ہوتی ہیں اور لوگ پرکن بریل کو بھی بریل ٹائپ رائٹر سے تشبیہ دیتے ہیں مگر اِس میں ٹائپ رائیٹر یا کمپیوٹر keyboard کی طرح بہت زیادہ اور الگ الگ numerical، alphabetaical اور function keys نہیں ہوتیں بلکہ بائیں اور دائیں جانب تین تین بٹن اور درمیان میں سپیس کا بٹن ہوتا ہے جو بریل کوڈز لکھنے کے لئے کافی بٹن ہوتے ہیں۔ بائیں طرف کی شہادت کی انگلی کا بٹن ایک، درمیانی انگلی کا بٹن دو اور سب سے چھوٹی انگلی سے پہلی انگلی کے نیچے تین کا بٹن ہوتا ہے اور دائیں جانب پہلی شہادت کی انگلی کے نیچے چار، دوسری انگلی کے نیچے پانچ اور تیسری کے نیچے چھ کا بٹن اور درمیان میں انگوٹھوں کے نیچے سپیس کا بٹن آجاتا ہے۔ اگر ہم

اور چیک کرتے ہیں اگر جواب درست ہو تو اگلا سوال لکھوا دیتے ہیں اور ایک سال تک مسلسل ایک ہی طرح کے سوالات پر لگائے رکھتے ہیں۔ مثلاً پہلی جماعت میں صرف گنتی لکھنا سکھاتے ہیں، دوسری جماعت میں جمع، تیسری جماعت میں تفریق، چوتھی جماعت میں ضرب اور پانچویں جماعت میں تقسیم۔ عموماً اِن کے طلباء اِس سے آگے جاتے ہی نہیں اور سب سے زیادہ ان سے ادارہ کے سینئر موسٹ دو طالبعلموں یعنی موجودہ کین سُپر وائزر شکیل صاحب اور پروفیسر ثاقب محمود صاحب نے پڑھا تھا جو فیصد کے سوالات تک پہنچے اور وہ جماعت ہشتم تک یہاں پڑھے اگر چہ ادارہ قانوناً پرائمری تک تھا اور صرف پرائمری کا ہی سرٹیفکیٹ دیتا تھا مگر اُس وقت اساتذہ میں پڑھانے کا جذبہ بہت تھا اور آٹھویں کے بعد طلباء اِن کے پرائمری سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر بھی میٹرک کر لیتے تھے اور کچھ طلباء پنجم کے بعد ڈائریکٹ میٹرک کر لیتے ہیں جس کے حق میں سائل کبھی بھی نہ رہا اور اِس کا ارادہ تھا کہ یہاں سے باقاعدہ جماعت ہشتم تک پڑھنے کے بعد میٹرک کر کے ثاقب اور شکیل صاحبان کی طرح گورنمنٹ ڈگری کالج نمبر 1 ایبٹ آباد میں داخلہ لے لے یا جماعت ششم میں کسی بینا سکول میں داخلہ لے لے اور تیسرا راستہ یہ تھا کہ گورنمنٹ قندیل ہائی سکول راولپنڈی میں جماعت ششم میں داخلہ لیا جائے لیکن ان اساتذہ نے سائل کو انتہا پسند اور شدت پسند لوگوں کے دینی مدرسہ میں بھجوا دیا اور اِس کے اثرات تا حال سائل کی زندگی اور شخصیت پر پائے جاتے ہیں لیکن یہ اچھا ہوا کہ سائل اِن سے جماعت ہشتم تک نا پڑھا ورنہ جو چیزیں بعد ازاں سائل نے فیصل آباد سے سیکھیں یا تجمل نے پروفیسر شمس الرحمان صاحب اور پروفیسر ثاقب محمود صاحب لیکچرز گورنمنٹ ڈگری کالج نمبر 1 ایبٹ آباد جو کہ اب گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد کہلاتا ہے تجمل نے اِن پروفیسر صاحبان سے نجی طور پر استفادہ کیا اور اسلام آباد سے بھی تعلیم حاصل کی یوں آج ہم اِن اساتذہ سے بہتر ہیں۔

سائل نے تقسیم سے آگے کی ریاضی فیصل آباد کے اساتذہ کے علاوہ لاہور میں اپنی پھوپی ذات بہنوں سے دوران تعطیلات سیکھی اور رشید صاحب نے جو مجھے ساتھ سالوں میں سکھایا تھا چند ہفتوں میں اُس سے زیادہ سیکھ گیا اور سائل کا چھوٹا بھائی کبیر جو کہ بعد ازاں اُن کا شاگرد ہوا جماعت سوم تک پہنچنے کے باوجود گنتی بھی لکھنا نہیں جانتا تھا لیکن سائل نے جو کچھ سیکھا تھا چند ہفتوں میں اِسے سکھا دیا اور Algebra کی سلیٹ اور ہندسے بھی ہم نے پنجاب میں دیکھے تھے۔ رشید صاحب کا یہ کہنا ہے کہ انہیں Algebra سے کوئی سروکار نہیں۔

رشید صاحب جو سلیٹ الگ اور ڈبی میں ہندسے الگ رکھتے تھے اِس کے برعکس پنجاب میں سلیٹ کے اندر ہی ہندسوں کو محفوظ رکھنے کی صلاحیت کی حامل سلیٹیں موجود تھیں اور بعد ازاں چھٹی کے بعد بھی ہم ریاضی کا کام اُن سلیٹوں پر کر سکتے تھے لیکن رشید صاحب اپنے پیریڈ کے اختتام پر ہندسے دوبارہ ڈبی میں ڈال کر ڈبی اور سلیٹیں الماری میں رکھ دیتے ہیں اور یہ عذر و اعتراض بھی پیش کرتے ہیں کہ طلباء اِن کی حفاظت میں لاپرواہی کریں گے۔ چنانچہ چھٹی کے بعد بچے بطور ہوم ورک ریاضی کا کام کرنے سے محروم ہیں۔

ریاضی مندرجہ بالا طریقے سے سلیٹ پر لکھ کر حساب کتاب محفوظ نہیں رکھا جا سکتا اور عام لوگ جو ریاضی پڑھ کر اپنی تعلیم سے بہرہ ور ہوتے ہوئے اپنے روزمرہ کے حساب کتاب کا ریکارڈ رکھتے ہیں یہ نابینا طلباء اِس سے محروم ہیں۔ چنانچہ ریاضی بریل میں لکھنے کا طریقہ بھی موجود ہے اور کاغذ پر لکھ کر ہی ریاضی کو محفوظ کیا جا سکتا ہے جو کہ یہ طریقہ بلخصوص یہاں کے طلباء کو اور بل عموم دیگر سرکاری نابینا اداروں میں سکھایا ہی نہیں جاتا۔

نوٹ: جیسا کہ پہلے تفصیلات عرض کی گئیں کہ بریل میں کُل 63 اشکال ہوتی ہیں جن میں ممکنہ حد تک تمام علامات زبانوں اور اعداد کا احاطہ کرنا ہوتا ہے اور اگر یہ احاطہ نہ ہو سکے تو ایک کریکٹر کو ایک خانے کے بجائے دو خانوں میں بھی لکھنے سے کام چلایا جاتا ہے اور

لائنوں والے فریم کو بھی "پاکٹ فریم" کہہ دیتے ہیں۔

چار لائنوں والے فریم میں جب چار لائنیں مکمل ہو جاتی ہیں تو کاغذ کو نکال کر فریم کو لکھائی سے ذرا نیچے کر کے دوبارہ کاغذ کو فریم میں دوبارہ فٹ کر لیتے ہیں اور پھر سٹائلس سے لکھنا شروع کر دیتے ہیں جو مستقل لکھائی ہوتی ہے اور عموماً پھٹی یا بریل بورڈ کی طرح removeable نہیں ہوتی۔ یوں چار لائنوں کے بعد فریم نکال کر دوبارہ فٹ کریں تو عموماً جو کاغذ ہمیں دیا جاتا تھا اُس میں ستائیس لائنیں ہوتی تھیں یوں ہم تقریباً چھ، سات مرتبہ فریم نکال کر دوبارہ لگاتے تھے۔

اِسی طرح نو لائنوں والے فریم کو تین مرتبہ لگاتے اور ستائیس لائنوں والا فریم ایک ہی مرتبہ لگایا جاتا تھا۔ دوسرے فریم لوہے یا سٹیل کے بنے ہوتے تھے جب کہ ستائیس لائنوں والا فریم پلاسٹک کا بنا ہوتا تھا جسے گر کر ٹوٹنے کا بھی احتمال ہوتا تھا۔ چنانچہ ہمارے زمانہ طالبعلمی میں ستائیس لائنہ فریمز ادارہ ھذا میں استعمال ہی نہیں ہوتے تھے اور سرکاری املاک کی حفاظت کا بہتر انتظام تھا۔

ستائیس لائنوں والے فریم صوبہ پنجاب کے نابینا اداروں میں استعمال ہوتے تھے اور ہم نے پہلی مرتبہ وہیں دیکھے جو اکثر بھارت سے بن کر آتے تھے اور اِن کی خوبی یہ بھی ہوتی تھی کہ خانوں کے تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد خانوں کے اوپر خالی جگہوں پر مخصوص نشانات بھی ہوتے تھے اور ہر دوسری لائن میں لائن کا نمبر بھی بریل میں درج ہوتا تھا اور جہاں سے وہ فریم بن کر آتے تھے اُنکا نام بھی اوپر درج ہوتا تھا۔ کاش! ہمارے ملک پاکستان کو یہ توفیق ہوتی کہ اِس طرح کی مصنوعات ہمارے ملک میں تیار ہوتی۔ یہ سائل کا خواب تھا جو بھارتیوں نے پورا کیا اور ریاضی کی سلیٹیں بھی اکثر بھارت سے بن کر آتی تھیں۔

ریاضی کی جو سلیٹ بریل میں استعمال ہوتی ہے اُس میں بہت سے خانے بنے ہوتے ہیں جن میں مخصوص دھات کے سکے بطور ہندسوں کے استعمال ہوتے ہیں جو کہ یہ لکھائی removeable ہوتی ہے ہر خانے میں مخصوص زاویوں کے مطابق گما پھرا کر ہندسے ڈالے جاتے ہیں جن سے ریاضی میں Arithmetic کی اشکال وجود میں آتی ہیں اور Algebra کی سلیٹ اور ہندسے الگ ہوتے ہیں جو اِنہی اشکال کی طرح لکھے جاتے ہیں اور یوں ریاضی کی 32 شکلیں وجود میں آتی ہیں جن میں 16 شکلیں Arithmetic اور 16 شکلیں Algebra کی ہوتی ہیں عموماً نابینا طلباء کو پڑھایا ہی نہیں جاتا۔ جناب والا! اِن حقائق سے کون انکار کر سکتا ہے کیوں سائل کی درخواستوں کو جھوٹی اور بے بنیاد قرار دیا جاتا ہے؟

عبدالرشید صاحب جو ادارہ ھذا میں بریل ٹیچر کی پوسٹ پر بھرتی ہوئے اور تاحال وہ بریل کے بجائے ریاضی پڑھا رہے ہیں جو سلیٹیں اور ہندسوں والی ڈبی اپنی پیریڈ میں اپنی الماری سے نکال کر لاتے ہیں اور سلیٹیں میزوں طلباء کے سامنے رکھ کر ڈبی کا ڈھکن کھول کر اُن میں وہ مخصوص دھات کے بنے ہوئے ہندسے ڈال کر طلباء کو بے ڈھنگے طریقے سے سوالات بول کر لکھوا دیتے

کہ ایک مرتبہ کتاب میں ''ارب'' لکھا ہوا تھا جو واوین میں تھا جو اُس اُستاد نے ''حابرج'' پڑھا۔

یہی صورت حال ہمارے اِن اساتذہ کی بھی ہے جو اول تو ان علامات کے متعلق کچھ جانتے ہی نہیں اور اگر طلباء بھول کر ان سے پوچھ ہی لیں کے یہ کیا چیزیں ہیں تو کہتے ہیں کہ انہیں چھوڑ دو یہ ہمارے مطلب کی چیز نہیں یہ کتاب لکھنے والوں کے مطلب کی چیز ہے اور پیراگرافنگ کے متعلق بھی ان کا یہی نظریہ ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ لوگ آخر اعلیٰ تعلیمی مدارج تک کیسے پہنچے ہیں اور کیسے اتنے بڑے بڑے امتحانات پاس کر لیتے ہیں؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اُن خرابیوں کے نتیجہ میں اور ہمارے نظامِ امتحان کی اُن کمزوریوں کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے ایسا کرتے ہیں جن کی نشاندہی سائل نے اپنی پاکستان سٹیزن پورٹل سمیت متعدد فورمز پر شکایات کے ذریعے نشاندہی کی خصوصاً آخری شکایت کا نمبر یہ ہے PU130421-88234042۔

جب سائل اگست 1992 بطور طالبعلم ادارہ ھذا میں پہلی جماعت میں داخل ہوا تو اگلے سالانہ امتحانات یعنی 1993 تک اگرچہ سائل بہت زیادہ لائق تھا اور اُس کا حافظہ اچھا ہونے کی وجہ سے بریل میں تمام کوڈز یاد کر لئے تھے لیکن ابھی پھٹی لکھنی نہیں آتی تھی جس وجہ سے سائل کا کورس نامکمل تھا اور 1993 کا سال بھی سائل کو پہلی جماعت میں گزارنا پڑھا اور تجمل حسین دانش جو دسمبر 1991 میں ادارہ میں آیا تھا اُس کا بھی کورس نامکمل ہونے کی وجہ سے اُسے ایک سال مزید اسی جماعت میں گزارنا پڑھا مگر آج طلباء بنیادی لکھنے پڑھنے سے ناآشنا ہونے کے باوجود بھی اگلی جماعتوں میں بھیج دیے جاتے ہیں اور انکوائری افسر نے مجھے تجمل وغیرہ سے مکمل سوالات نہ کرنے دیئے۔

پھٹی اور بریل بورڈ پر طلباء اُردو کے پیریڈ میں اُردو اور انگریزی کے پیریڈ میں انگریزی سیکھتے ہیں مگر جب سائل اِن طلباء کی کلاس باحکمِ انچارج ادارہ اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لئے لیتا تو سائل نے مشاہدہ کیا کے ان اساتذہ نے طلباء میں اتنی سینس بھی پیدا نہیں کی کہ اکثر پہلی جماعت کے طلباء سائل کو یہ کہا کرتے کہ ہمارے پاس اُردو کی پھٹی یا اُردو کا بریل بورڈ ہے، انگریزی کی پھٹی یا انگریزی کا بریل بورڈ نہیں اور سائل بھی بچپن میں ایسا ہی کہا کرتا تھا جس پر اب ہنسی آتی ہے اور جیسا کہ مندرجہ بالا تفصیلات میں بتایا گیا کہ یہ آلات یا علامات اُردو اور انگریزی میں الگ الگ نہیں بلکہ ان کے کوڈز اُردو اور انگریزی میں الگ الگ پڑھے جاتے ہیں جیسے ایک دو، تین، چار، پانچ، چھ اور انگریزی میں 1,2,3,4,5,6 اور ان کے نام بھی ایسے تبدیل ہوتے ہیں کہ A کا نام اُردو میں الف ہے وغیرہ وغیرہ۔

بریل کے کوڈز یاد کروانے کے بعد پھٹی اور بریل بورڈ پر نقاط، اشکال اور خانوں کی پہچان کے بعد اگلا مرحلہ کاغذ پر بریل لکھنے، پڑھنے، منتقل کرنے اور اس کی شناخت کا مرحلہ آتا ہے۔ چنانچہ طلباء کو اُردو اور انگریزی کے بریل چارٹس بنا کر یعنی ایک کاغذ پر اُردو یا انگریزی کے حروف تہجی اور کچھ الفاظ لکھ کر دے دیئے جاتے ہیں اور اِس طرح بچے اُس کے بعد قاعدہ اور پھر کتابیں پڑھنے لگتے ہیں۔

لکھنے کے لئے کاغذ پر بریل فریم استعمال ہوتے ہیں جو مختلف اقسام کے ہوتے ہیں جن میں سے بعض فریم چار لائنوں کے بعض نو لائنوں کے اور بعض ستائیس لائنوں والے فریم ہوتے ہیں جن میں بریل بورڈ کی طرح مستطیلی خانے بنے ہوتے ہیں اور فریم میں کاغذ کو فٹ کرنے کے بعد دائیں طرف سے سٹائلس کی مدد سے لکھا جاتا ہے جو کاغذ کے دوسری طرف لکھا جاتا ہے اور جب کاغذ کو فریم سے باہر نکالا جاتا ہے تو صفحہ اُلٹا کر بائیں طرف سے پڑھا جاتا ہے۔

چھوٹے بریل فریمز کو ''پاکٹ فریمز'' بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ جیب میں بھی سما سکتے ہیں لیکن یہ جاہل لوگ بڑے ستائیس

کی بریل خانی (Braille Reading) کی رفتار بھی سست رہتی ہے جبکہ بریل پڑنے کا صحیح طریقہ یہ کہ جیسا کہ بریل بائیں طرف سے پڑھی جاتی ہے چاہے دائیں طرف سے ہی کیوں نہ لکھی ہو۔ چنانچہ بائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی (index fingure) پہلی شکل پر رکھتے ہوئے دائیں ہاتھ کی index fingure فوراً ہی اگلی شکل پر رکھ دی جائے اور اسی طرح آگے بڑھتے ہوئے پہلے دائیں اور پھر بائیں انہی انگلیوں کو حرکت دی جائے اور لائن کا اختتام پر جب آخری شکل آئے تو بائیں اُنگلی پہلے ہی نیچے والی لائن پرلے جا کر پہلی شکل پر رکھ دی جائے۔ بریل کی انتہائی مشق کے نتیجہ میں اُنگلی شکل پر رکھتے ہی فوراً اُس کی پہچان ہو جاتی ہے مگر جیسا کہ مندرجہ بالا تفصیلات سے ظاہر ہے کہ مشابہ حروف اگر پھٹی یا بریل بورڈ پر لکھے ہوں تو اُن کی اشکال آسانی سے شناخت ہو جاتی ہیں کیونکہ اُن کے خانے اُنگلیوں سے محسوس ہوتے ہیں لیکن اگر یہی اشکال کاغذ پر ہوں تو اُنہیں پہچاننا یا اُن میں فرق کرنا مشکل ہوتا ہے جن کی تفصیلات پہلے گزر چکی ہیں لیکن عربی میں کھڑی زیر یعنی نقاط ۴-۵ اور اسی طرح اُردو میں نون غُنہ (ں) کا نشان نقاط ۵-۶ اپر ب اور لوئر ب جو کہ سیمی کالن اور عربی کے دوزبر کے مشابہ ہو جاہے اور کاغذ پر اِن علامات کو پہچاننا اگر چہ مشکل ہوتا ہے اور یہی صورت حال بریل میں گول ہ اور دو چشمی ھ کی بھی ہے مگر اِن کے آگے اور پیچھے کے نشانات کو مدنظر رکھتے ہوئے اندازہ لگانا چاہیئے کہ یہ کس کے برابر یا کس سے اوپر اور کس سے نیچے ہیں؟ مثلاً اگر الف ب اب لکھا ہو تو ظاہر ہے کہ ب کے ایک کا نقطہ اپنے پیچھے کے الف کے ایک نقطہ کے برابر ہوگا اور اگر الف کے بعد لوئر ب لکھا ہو تو اُس کے اوپر کا نقطہ الف کے ایک کے نقطے سے ذرا نیچے ہوگا۔ اِسی طرح اگر با لکھا ہو تو ب کا جو ایک کا نقطہ ہوگا اُس سے اگلا ایک کا نقطہ اُس کے برابر ہوگا لیکن بً لکھا تو ب کے دو کے برابر اگلا دوزبر کا نقطہ ہوگا جس سے پتہ چل سکے گا کہ یہ با نہیں بلکہ بً ہے وغیرہ وغیرہ نیز اگر غلطی سے کوئی نقطہ کسی اور خانے میں پڑھ جائے تو یہ بھی پتہ چل جاسکتا ہے کہ یہ نقطہ اُس سے بہت دور ہے جہاں اُسے ہونا چاہیے تھا۔

چنانچہ جب تجمل کو جسے پہلے اپاس ٹرانی کے نشان کا علم ہی نہ تھا جو اِن اساتذہ کی بدولت تھا لیکن بعد ازاں جب اُسے یہ علم ہوا کہ اپاس ٹرانی کا ایک نقطہ ہوتا ہے جو ایک یا دو سے ذرا نیچے ہوتا ہے تو اُس نے تین کے بجائے چھ کا نقطہ سمجھ لیا۔ چنانچہ جب وہ اپاس ٹرانی کا نشان استعمال کرتا تو نقطہ نمبر تین کے بجائے چھ میں ڈال لیتا۔ چنانچہ جب پروفیسر شمس الرحمان صاحب نے اُس کی نگرانی کی اور دیکھا کہ یہ نقطہ نمبر تین کے بجائے چھ میں ڈال دیتا ہے تو اگلے حرف کے بالکل قریب ہو جانے سے بطور بریل کے ماہر کہ شمس الرحمان صاحب کو تو اِس غلطی کا علم ہو گیا لیکن تجمل چونکہ طالبعلم تھا لہذا اُس کی یہ غلطی شمس صاحب نے دور کر دی مگر اب تجمل تو بریل میں سائل سے بھی زیادہ ماہر ہو چکا ہے لیکن یہ اساتذہ نہیں۔

بہر حال سائل کو پنجاب میں جا کر اِن چیزوں کا علم ہوا اور یہ نقطے اور اِن کا استعمال اگر ہمارے اساتذہ لائق ہوتے تو وہ بھی ہمیں سمجھا سکتے تھے لیکن اب علی زمان صاحب جیسے لوگ یہ کہہ کر اپنے مذکورہ جرائم پر پردہ ڈالتے ہیں کہ پنجاب میں تمہیں اِس لیے یہ باتیں سمجھائی گئیں کہ وہاں وسائل زیادہ ہیں اور یہاں نہیں جو کہ انتہائی مزاحقہ خیز بات ہے جناب والا کیا سائل نے آپ کو یہ باتیں زیادہ وسائل سے سمجھائی ہیں؟ **اصل بات یہ ہے کہ اِن اساتذہ میں اتنی اہلیت ہی نہیں اور یہ ایسی باتیں کر کے خود اپنا مزاق بناتے ہیں۔ ان کے تصوارت انتہائی غلط ہیں جو بچوں کی زندگیوں اور قوم کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کر رہے ہیں۔**

اگر چہ پنجاب ہماری نسبت تعلیم میں بہت آگے ہے مگر بدقسمتی سے پورے ملک میں سرکاری اداروں کا معیار نجی اداروں کے مقابلہ میں گرا ہوا ہوتا ہے۔ چنانچہ سائل کا ایک ہم جماعت حافظ محمد یوسف مرزا جس کا تعق ضلع گجرات سے تھا اور وہ بھی سائل کی طرح پرائمری تک سرکاری سکول سے پڑھا تھا اور وہاں کے اساتذہ کو بھی یہاں کے اساتذہ کی طرح واوین کا تصور نہ تھا۔ واوین شروع کا نشان جیسا کہ دو چشمی ہے یعنی ۲-۳-۶ ہوتا ہے اور واوین ختم کا نشان لوئر ز یعنی ۳-۵-۶ ہوتا ہے اور یوسف نے بتایا

صرف کالن استعمال ہوتا ہے اور نوری نستعلیق میں چونکہ تفصیلیہ کا نشان بُرا لگتا تھا اس لیئے اِس انداز کو تبدیل کیا گیا اور بریل میں بھی اب صرف عام تحریر کی نقل کی وجہ سے دو ہائفن استعمال کرنے کے بجائے صرف کالن ہی استعمال ہوتا ہے جس کے بارے میں بھی ہمارے اساتذۃ نہیں جانتے۔

لوئر D یعنی فل سٹاپ (۔) جو د کا ہم شکل ہوتا ہے یعنی د کا نشان نقاط ۱-۴-۵ ہے یعنی اوپری جوڑے میں دو نقطے اور نچلے جوڑے کے پانچ کے خانے میں ایک نقطہ یعنی اس کے تین نقطے ہوتے ہیں اور فل سٹاپ کا نشان نقاط ۲-۵-۶ اور درمیانے جوڑے میں د کی طرح آمنے سامنے دو نقطے اور اُس سے نیچے یعنی آخری جوڑے کے چھ کے خانے میں ایک نقطہ یعنی اس کے بھی تین ہی نقطے ہوتے ہیں مگر یہ د سے چونکہ نیچے ہوتا ہے جو کہ انگریزی میں ۱-۴-۵ D ہوتا ہے اِس سے ذرہ نیچے یعنی ۲-۵-۶ میں واقع ہونے کی وجہ سے لوئر D کہلاتا ہے۔

لوئر E یعنی ۱-۵ زیر جو انگریزی میں ۱-۵ E ہوتا ہے کو اِس کا ہم شکل اِس سے نیچے ڈاٹ ۲-۶ یعنی اس کے بھی E کی طرح دو نقطے ہوتے ہیں جو لوئر E کہلاتا ہے جو عربی میں دو پیش کا نشان اور اردو بریل درجہ دوئم یعنی کنٹریکٹڈ بریل میں بطور نا جز لفظ کے طور پر استعمال ہوتا ہے مگر ہمارے اساتذہ کو بریل درجہ دوئم (Braille Grade II) پر بھی عبور حاصل نہیں اور جیسا کہ اوپر کی تفصیلات سے ظاہر ہے کے بریل طرزِ تحریر بہت زیادہ جگہ گھیرتا ہے اور بریل قرآن مجید بغیر ترجمہ کے بھی چھ جلدوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ہر جلد میں پانچ پارے ہوتے ہیں۔ چنانچہ جماعت سوئم تک جب بچے ہجوں میں ماہر ہو جاتے ہیں تو بریل کو مختصر نویسی کے اُصول پر تحریر کیا جاتا ہے جو بریل کا درجہ دوئم یعنی گریڈ 2 یعنی کنٹرکٹڈ بریل کہلاتا ہے اور جماعت سوم تک درجہ اول ہی استعمال ہوتا ہے تا کہ بچے ہجوں میں مہارت حاصل کرلیں تا کہ بعد ازاں انہیں کنٹریکٹڈ بریل میں ہجوں کی کمی کا مسئلہ اور احتیاج نہ ہو۔

لوئر F کے بھی اپر F کی طرح تین نقطے ہوتے ہیں جس کا کوڈ ۱-۲-۴ ہے جب کہ اِس کا ۲-۳-۵ ہے جو نشان مخاطب اور نشان تعجب کے علاوہ کنٹریکٹڈ بریل میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

لوئر G کے بھی اپر G کی طرح چار نقطے ہوتے ہیں یعنی ۱-۲-۴-۵ اور اِس کے ۲-۳-۵-۶ جو بریکٹ شروع اور بریکٹ ختم کے لئے استعمال ہوتا ہے اور بریل درجہ دوئم میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

گول ہ یعنی ۱-۲-۵ انگریزی میں 1-2-5 یعنی اپر H اور دو چشمی ھ / سوالیہ نشان / واوین شروع یعنی ۲-۳-۶، لوئر H کہلاتا ہے جو درجہ دوئم میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

لوئر I یعنی اپر ۲-۴ سے نیچے ۳-۵ کے مقام پر واقع ہوتا ہے اور یہ بھی درجہ دوئم میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

لوئر J یعنی اپر J کے تین نقطوں یعنی ۲-۴-۵ سے نیچے یعنی ۳-۵-۶ ہوتا ہے اور یہ بھی درجہ دوئم کے علاوہ واوین ختم کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

انگریزی حروف تہجی کی ترتیب میں A تا J لوئر signs کے طور پر بھی استعمال ہو سکتے ہیں چنانچہ اِن سے بھی بھرپور فائدہ اُٹھایا جاتا ہے اور اِس سے آگے کے نشانات لوئر signs کے طور پر استعمال نہیں ہو سکتے جیسا کہ K کا نشان ۱-۳ ہے اور L کا نشان ۱-۲-۳ ہے۔ ظاہر ہے کہ ایک سے اوپر اور تین سے نیچے کوئی خانہ نہیں اور دوسری طرف چار سے اوپر چھ سے نیچے کوئی خانہ نہیں لہذا L سے آگے لوئر اور اپر signs نہیں ہو سکتے۔

اگر بریل پڑھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اِس میں دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیاں استعمال کی جائیں۔ جو کہ اکثر نادان لوگ صرف ایک ہی بے تکی انگلی کا استعمال کرتے ہیں جس سے بریل کے حروف یا نقاط پہچاننے میں اُنہیں دیر لگتی ہے اور اُن

''بریل کریکٹرز'' کا لفظ جان بوجھ کر استعمال کیا ہے کیونکہ اگر ہم کمپیوٹر میں کریکٹرز کا حساب لگاتے ہوئے حروف سے ان کا موازنہ کریں گے تو یہ درست نہیں ہوگا۔

چنانچہ پھٹی میں اگر ہم الف زبر (اَ) لکھنا چاہیں تو جیسا کہ الف کا کوڈ نقطہ نمبرا ہے اور زبر کا نقطہ نمبر۲۔ تو پھٹی میں یہ ایک۔ دوب بن جائے گا کیونکہ اِس میں تو آگے کوئی خانہ ہی نہیں ہوتا بلکہ ایک کی دوسری جانب آگے چار، دو کی دوسری جانب پانچ اور تین کی دوسری جانب چھ کا خان ہوتا ہے۔

اِس مشکل کو حل کرنے کے لئے اگلا مرحلہ بریل بورڈ کا ہوتا ہے جو چھوٹے چھوٹے چھ خانوں والے بڑے سیلز پر مشتمل ہوتا ہے اور پھٹی کی نسبت بڑا ہوتا ہے تاہم اس کے ایک تا چھ خانے پھٹی کی نسبت چھوٹ چھوٹے ہوتے ہیں جنہیں جب طلباء محسوس کرنے کے قابل ہوجاتے ہیں تو اگلا مرحلہ بریل بورڈ کا آتا ہے جس میں تین لائنیں ہوتی ہیں اور اِس میں لکھنے کے لئے لوہے کی چھوٹی چھوٹی کیلیں استعمال ہوتی ہیں۔ مندرجہ ذیل تصویر ملاحظہ فرمائی جائیں۔



یعنی بریل بورڈ سے طلباء اِس قابل ہوجاتے ہیں کہ ایک کریکٹر کے بعد دوسرا کریکٹر لکھنے کی بھی مشق کریں۔ چنانچہ اگر الف زبر (اَ) بریل بورڈ میں لکھنا ہو تو پہلے بڑے چھ خانوں والے سیل میں سب سے پہلے اوپری خانے میں یعنی ایک کے مقام پر کیل ڈال کر ایک نقطہ لگائیں گے اُس کے بعد اگلے بڑے چھ خانوں والے سیل میں خانے سیل کو چھوڑ کر دوسرے میں یعنی دو کے مقام پر اِسی طرح نقطہ لگائیں گے تو الف زبر (اَ) بن جائے گا۔ چونکہ ایک تو خانے بھی انگلیوں سے محسوس ہوتے ہیں اور دوسرے یہ کہ دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیاں دونوں نقطوں پر برابر نہیں ہونگی۔ دوز بر والی دائیں طرف کی انگلی ایک الف کی بائیں طرف کی شہادت والی انگلی سے ذرا نیچے ہوگی۔ یوں اگرچہ الف، زبر، ہمزہ (ء) اور شد وغیرہ کا اگرچہ ایک ایک ہی نقطہ ہوتا ہے مگر مذکورہ طریقہ سے اِن نقطوں میں امتیاز کرنا ممکن ہے۔

اِسی طرح ب میں سب سے اوپری بائیں طرف والے دو خانوں میں اوپر نیچے دو نقطے ہوتے ہیں لیکن یہی کالن جس کے بارے میں نابینا اساتذہ کو بالکل معلوم نہیں اِس کے نقاط دو اور تین ہوتے ہیں یعنی اوپر کا پہلا خانہ خالی چھوڑ کر دو اور تین کے خانوں میں دو نقطے لگا دیئے جاتے ہیں یوں اِس کی شکل اگرچہ ب جیسی ہوتی ہے مگر پہلا اور دیگر خانے خالی ہونے کی وجہ سے پھٹی اور بریل بورڈ میں لکھتے اور پڑھتے وقت محسوس ہوجاتے ہیں اور دیگر آلات بریل میں پڑھنے میں دقت کا سامنا ہوتا ہے۔ اور یہ چونکہ ب کے مشابہ اور اُس سے ذرا نیچے کر کے لکھا ہوتا ہے اِس لیے اِسے نچلا ب یا لوئر ب بھی کہا جاتا ہے۔ نیز زبر جو کہ ایک نقطہ ہونے کی وجہ سے الف سے مشابہ ہے جو الف سے ایک خانہ نیچے یعنی نقطہ نمبر 2 ہوتا ہے اس لئے الف اور A سے مشابہت اور اِس سے نیچے ہونے کی وجہ سے لوئر A کہلاتا ہے۔ جو commma (،) کی علامت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے اور جزم (ْ) جس کا مقام دو اور پانچ یعنی نچلے جوڑے میں ہوتا ہے اور ایک - چار چ یعنی C4-1 کا ہم شکل ہونے کی وجہ سے لوئر C کہلاتا ہے جو کالن یا تفصیلیہ کی علامت کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

نوٹ: تفصیلیہ کا نشان جو سُرخی یا عنوان دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے پہلے دو۔ پانچ جمع دو (-) یعنی نقاط تین۔ چھ دو مرتبہ ڈالنے سے تفصیلیہ بن جاتا تھا جو کالن کے نشان سے ہائفن کے نشان با آسانی نیچے محسوس ہوتے تھے مگر نئے طرزِ تحریر میں عام لکھائے میں بھی

میں اُن رکاوٹوں کا شکار تو نہیں ہوئے جن کا نابینا افراد ہوئے ہیں۔ لہٰذا وہ پڑھائی میں تو لائق ہیں مگر اُن کی بریل میں جو خامیاں ہیں وہ انہی اساتذہ کے مرہونِ منت ہے۔

یہ کوڈز یاد کروانے کے بعد اگلے مرحلہ میں بچے کو ایک لکڑی کی مستطیل شکل کی چھ بڑے خانوں والی پھٹی دی جاتی ہے تا کہ وہ خانوں اور اُن میں درج نقاط کی اچھی طرح پہچان کر لے۔ چنانچہ پھٹی کے خانوں میں بلوریں یا کنکڑ ڈال کر بچے کو حروف تہجی کی پہچان کروائی جاتی ہے جس میں صرف ایک ہی کریکٹر لکھا جا سکتا ہے مثلاً اگر الف یا A لکھنا ہو تو سب سے اوپر ایک یا one کے خانے میں بلور یا کنکڑ ڈال کر ایک نقطہ لگا دیا جاتا ہے۔ اسی طرح اگر زبر لکھنا ہو تو دو کے خانے میں جو ایک سے نیچے ہوتا ہے نقطہ ڈال کر دو زبر کی پہچان کروائی جاتی ہے۔ اگر حمزہ (ء) لکھنا تو بائیں طرف کے سب سے نچلے خانے یعنی تین میں ڈال کر نقطہ نمبر 3 حمزہ (ء) کی پہچان کروائی جاتی ہے اور نقطہ نمبر 6 کے لئے سب سے آخری خانے یعنی دائیں طرف کے چار اور پانچ کے نیچے اور بائیں طرف کے تین کے بالکل ساتھ چھ کا نقطہ شد کی علامت ہے۔

۴	۱
۵	۲
۶	۳

اس طرح کی مستطیل پھٹی ہوتی ہے جس میں بائیں اور دائیں تین خانوں کے جوڑے ہوتے ہیں یعنی بائیں طرف ایک، اُس کے نیچے دو اور پھر تین اور دائیں طرف پہلے چار اُس کے نیچے پانچ اور چھ کے خانے ہوتے ہیں۔ اور ان کے تین جوڑے یوں بنتے ہیں۔ ایک کے ساتھ چار، دو کے ساتھ پانچ اور تین کے ساتھ چھ کا خانہ ہوتا ہے۔ اِن جوڑوں کی بریل طرزِ تحریر میں بڑی اہمیت ہے مگر ہمارے اِن اساتذہ کے نزدیک ایک فضول چیز ہے۔

اُس سے آگے کا مرحلہ بریل بورڈ ہوتا ہے ظاہر ہے کہ پھٹی میں تو صرف اشکال کی پہچان کروانا مقصود ہوتا ہے اور طلباء اتنی پریکٹس کر لیتے ہیں کہ اُنہیں بعد ازاں بریل کوڈز اور پھر اشکال پر غور کرنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی بلکہ کسی بھی شکل پر اُنگلی رکھنے سے اُس کی فوراً پہچان ہو جاتی ہے۔ چنانچہ پھٹی میں صرف ایک وقت میں ایک ہی شکل برائے شناخت درج کی جا سکتی ہے اگر ایک الف یا One A اوپر کے خانے میں ایک نقطہ سے ظاہر کیا گیا ہو تو دیگر پانچ خانے خالی ہوتے ہیں اسی طرح اوپر اور نیچے بائیں طرف یعنی پہلے دو خانوں میں ایک۔ دو ب لکھنے کے لئے پہلے دو خانوں میں اوپر نیچے دو نقطے لگا کر باقی چار خانے خالی چھوڑ دیے جاتے ہیں۔ پ لکھنے کے لئے ایک۔ دو۔ تین۔ چار یعنی بالترتیب پہلے چار خانوں میں چار نقطے لگا کر باقی دو خانے خالی چھوڑ دیے جاتے ہیں اور پہلے تین نقاط اوپر نیچے اور چوتھا اور ایک کے سامنے چار کے خانے میں آ جاتا ہے اور باقی دو خانے خالی ہونے کی وجہ سے پ کی پہچان حاصل ہوتی ہے اور ت لکھنے کے لئے پہلا خانہ خالی چھوڑ کر دو۔ تین۔ چار۔ پانچ کے خانوں میں نقطے لگا کر پہلا اور آخری خانہ خالی ہونے کی وجہ سے ت کی پہچان حاصل ہوتی ہے۔ وعلیٰ ھذا القیاس۔

ظاہر ہے کہ اگر الف جمع زبر لکھنا ہو تو پھٹی پر یہ لکھنا ممکن نہیں اور عام طرزِ تحریر کے برعکس بریل میں حرکات یعنی زبر، زیر، پیش، کھڑا زبر، کھڑی زیر، اُلٹا پیش، شد اور مد وغیرہ حروف کے اوپر نیچے لگانے کے بجائے حروف کے آگے لگا دیے جاتے ہیں جیسا کہ انگریزی میں vowels لفظ بنانے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ بدیں وجہ سائل نے اوپر بریل کے حروف لکھنے کے بجائے

S4-3-2,R5-3-2-1,Q5-4-3-2-1,P4-3-2-1,O5-3-1,N4-3-2-1,M4-3-1,L3-2-1

فل سٹاپ۔ 6-5-2,Z6-5-3-1,Y6-5-4-3-1,X6-4-3-1,W6-5-4-2,V6-3-1,T5-4-3-2

انگریزی	اردو
A1	۱ الف
B2-1	۱-۲ب
P4-3-2-1	۱-۲-۳-۴پ
T5-4-3-2	۲-۳-۴-۵ت
J5-4-2	۲-۴-۵ج
C4-1	۱-۴چ
X6-4-3-1	۱-۳-۴-۶خ
D5-4-1	۱-۴-۵د
R5-3-2-1,	۱-۲-۳-۵ر
Z6-5-3-1,	۱-۳-۵-۶ز
S4-3-2	۲-۳-۴س
F4-2-1	۱-۲-۴ف
Q5-4-3-2-1	۱-۲-۳-۴-۵ق
K3-1	۱-۳ک
L3-2-1	۱-۲-۳ل
G5-4-2-1	۱-۲-۴-۵گ
N4-3-2-1,	۱-۳-۴-۵ن
W6-5-4-2	۲-۴-۵-۶و
H5-2-1	۱-۲-۵ہ
I4-2	۲-۴ے
4-3-1,L	۱-۳-۴م
O5-3-1,	۱-۳-۵الف مقصورہ (یٰ)
V6-3-1	۱-۲-۳-۶لا
E5-1	۱-۵ِ

نوٹ: مندرجہ بالا جدول میں جو کالمز خالی ہیں انہیں اِنہی اساتذہ سے پڑ کروایئے جن کا دعویٰ ہے کہ وہ بریل پر مکمل عبور رکھتے ہیں۔ سوائے سائل اور تجمل حسین دانش کے ادارہ ھذا میں کوئی بھی ایسے سوالات کا جواب نہیں دے سکتا حتیٰ کہ بینا اساتذہ بھی۔ مثلاً ایک بینا معلم جناب سعادت علی خان صاحب نے ان ہی اساتذہ سے بریل سیکھی ہے۔ چنانچہ وہ بینا ہونے کی وجہ سے پڑھائی

سب سے پہلے جب کوئی بچہ پہلی جماعت میں داخلہ لیتا ہے تو اُسے اُردو کے پریڈ میں اُردو اور انگریزی کے پیریڈ میں انگریزی حروف تہجی کے کوڈز یاد کروائے جاتے ہیں جنہیں یہ لوگ ''اُردو کی گنتی'' اور ''انگریزی کی گنتی'' کہتے ہیں۔ چنانچہ عموماً یہ لوگ خصوصاً اِن کے طلباء لفظ ''کوڈ'' سے نا آشنا ہوتے ہیں چنانچہ اگر ان سے کسی کریکٹر کی شناخت بریل میں پوچھنا ہو تو یہ پوچھا جاتا ہے کہ فلاں حرف کی گنتی کیا ہے؟ یا فلاں حرف یا حروف کی گنتی سناؤ اور اِن کوڈز کو یاد کرنے کو طلباء ''گنتی یاد کرنا'' کہتے ہیں جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

اُردو حروف تہجی

۱الف، ۱-۲ب، ۱-۲-۳-۴پ، ۲-۳-۴-۵ت، ۲-۴-۶ٹ، ۱-۴-۵-۶ث، ۲-۴-۵ج، ۱-۴چ، ۱-۵-۶ح،
۱-۳-۴-۶خ، ۱-۴-۵د، ۳-۴-۶ڈ، ۲-۳-۴-۶ذ، ۱-۲-۳-۵ر، ۱-۲-۴-۵-۶ڑ، ۱-۳-۵-۶ز، ۵-۱-۳-۵-۶ژ،
۲-۳-۴س، ۱-۴-۶ش، ۱-۲-۳-۴-۶ص، ۱-۲-۴-۶ض، ۲-۳-۴-۵-۶ط، ۱-۲-۳-۴-۵-۶ظ،
۱-۲-۳-۵-۶ع، ۱-۲-۶غ، ۱-۲-۴ف، ۱-۲-۳-۴-۵ق، ۱-۳ک، ۱-۲-۴-۵گ، ۱-۲-۳ل، ۱-۳-۴م،
۱-۳-۴-۵ن، ۵-۶ں، ۲-۴-۵-۶و، ۱-۲-۵ہ، ۲-۳-۶دوچشمی (ھ)، ۳ء، ۲-۴ے، ۳-۴ی، ۳-۴-۵آ، ۲-َ،
۱-۵ ِ، ۱-۳-۶ ُ، ۲-۵ ً، ۶ ّ، ۳-۴-۵-۶ نشانِ گنتی، ۲-۳-۶ سوالیہ نشان (؟)، ۲-۳-۵-۶ ()، ۱-۳-۵ الف مقصورہ (یٰ)، ۱-۲-۳-۶لا، ۱-۳-۴-۵-۶یا، ۳-۶(-)، ۲-۵-۶فل سٹاپ،

نوٹ: علامات اُردو اور انگریزی میں تمام بریل میں یکساں ہی ہوتی ہیں۔

نوٹ: جیسا کہ پہلے بتایا گیا کہ بریل میں کُل 63 اشکال ہوتی ہیں جن میں رہتے ہوئے تمام زبانوں اور اعداد کا احاطہ کرنا ہوتا ہے۔ چنانچہ اوپر کی تفصیلات میں نقاط نمبر ۲-۳-۶ دوچشمی ھ اور سوالیہ نشان کے لئے استعمال ہوتے ہیں لیکن اگرچہ دونوں لفظ کے آخر میں آتے ہیں مگر فکرہ یا لفظ کے قرینے سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ دونوں شکلیں یکساں ہونے کے باوجود دوچشمی ھ کونسی ہے اور سوالیہ نشان کونسا ہے۔ مثلاً اگر لکھا ہو کہ ''کتنے ہاتھ؟'' یا ''کتنے لاکھ؟'' تو پہلی شکل لازماً دوچشمی ہے اور دوسری سوالیہ نشان کی ہے۔ چنانچہ پڑھنے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی اور اِسی علامت کو اگر کسی لفظ کے شروع میں لکھا ہو تو یہ داوین (inverted comma) شروع کا نشان ہوگا کیونکہ دوچشمی ھ یا سوالیہ نشان کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتے اور عام طرز تحریر میں جو گول ہ کہ جگہ دوچشمی ھ لکھی جاتی ہے یہ غلط اور عام ہے۔ جس غلطی سے بریل میں بچنے کا اہتمام موجود ہے لیکن جب کمپیوٹر وغیرہ میں عام طرز تحریر کو بریل میں منتقل کیا جاتا ہے تو یہ غلطی بریل میں بھی درج ہو جاتی ہے جسے بعد میں درست کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً ''بہت'' اور ''ہاتھی'' میں پہلے لفظ کے درمیان اور دوسرے لفظ کے شروع میں دوچشمی ھ لکھنا درست نہیں ہے۔

نوٹ: عربی اور فارسی کے علاوہ اُردو میں جو ہندی کے زائد حروف ہیں اِنہیں منفی کرنے سے عربی اور فارسی بریل وجود میں آجائے گی جس کی زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں تاہم عربی میں نقاط نمبر ۲-۳ کہ دو زبر (ً)، نقاط نمبر ۳-۵ دو زیر، نقاط نمبر ۲-۶ دو پیش، نقطہ نمبر ۴ کھڑا زبر، نقاط نمبر ۴-۵ کھڑی زیر، نقاط نمبر ۳-۴-۶ اُلٹا پیش، نقاط نمبر ۳-۴ الف ء، نقاط نمبر ۱-۲-۵-۶ ہمزہ بشکل و، نقاط نمبر ۱-۳-۴-۵-۶ ء بشکل ی کے لیئے استعمال ہوتے ہیں اور نقاط نمبر ۱-۶ ۃ (تائے مربوطہ یا تائے تانیث) کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

انگریزی حروف تہجی

K3-1,J5-4-2,I4-2,H5-2-1,G5-4-2-1,F4-2-1,E5-1,D5-4-1 ,C4-1,B2-1,A1

تجمل کو پہلے تو سمجھ ہی نہ آ رہی تھی کہ وہ یہ علامت کیسے ڈالے لیکن کسی طرح شاید شمس الرحمان صاحب سے اُس نے بریل میں بھی مطلوبہ اسباق منتقل کروا لیے تو چونکہ نقطہ نمبر 3 اور نقطہ 6 قریب قریب ہوتے ہیں اِس لئے لکھتے وقت تو ہمیں پھر بھی اندازہ ہو جاتا ہے اور بریل پھٹی اور بریل بورڈ میں لکھتے اور پڑھتے وقت اندازہ ہو جاتا ہے کیونکہ اُن میں بریل کے 6 خانے بہت واضح طور پر محسوس ہوتے ہیں مگر اِس سے آگے کہ مدارج یعنی دیگر آلات مثلاً بریل فریم میں لکھتے وقت تو پتہ چل جاتا ہے لیکن پڑھتے وقت اِس کا اندازہ عموی طور پر لگانا مشکل ہوتا ہے۔ آپ کو تو اب ان باتوں کا کچھ نہ کچھ علم اور کچھ نہ کچھ اندازہ ہے مگر دیگر حکام بالا جنہیں درخواست کی نقول جائیں گی اُن کے لئے خصوصی طور پر چند ضروری معلومات درج ذیل ہیں:

نوٹ: بریل (Braille) ایک ایسے طرزِ تحریر کا نام ہے جو نابینا / بے بصر افراد کے لئے اُن کی نظر کی کمی کے باعث تعلیمی وقت کو ممکنہ حد تک دور کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہے جو اُبھرے ہوئے characters پر مشتمل ہوتا ہے اور نقاط کی صورت میں زیادہ سے زیادہ چھ نقطوں پر مشتمل مخصوص بریل کوڈز پر مشتمل ہوتا ہے جس کے ذریعے خصوصی تعلیمی اداروں میں نابینا افراد کو حتی لامکان پڑھنے اور لکھنے کے قابل بنا کر معاشرہ کا مفید فعال اور کارآمد حصہ بنایا جاتا ہے۔

بریل موجد لوئی بریل (Louis Braille) فرانس کا رہنے والا تھا اور فرانسیسی زبان میں اکثر ناموں کے آخر میں S آتا ہے جو پڑھنے میں نہیں آتا اور اُس کی ذات کا نام بریل ہے جس وجہ سے اپنے موجد کے خاندانی نام پر اِس کا نام "بریل" پڑھ گیا۔

بریل میں ممکنہ طور پر 63 اشکال میں تمام زبانوں کے حروف اور ہندسوں کو کور کیا جاتا اور اِس میں چھ نقطوں کے اندر رہتے ہوئے تمام اشکال کا احاطہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے جو لکھنے اور پڑھنے کی ضروریات کو پورا کریں۔ جس میں مختلف قومی اور بین الاقوامی زبانیں اور اعداد شامل ہیں چونکہ پاکستان میں ہماری تدریس اُردو، انگریزی، عربی اور فارسی وغیرہ میں ہوتی ہے اور یہی چار معروف زبانیں پاکستانی تعلیمی نظام میں عموماً کارفرما ہیں۔ چنانچہ بریل میں بھی پاکستانی نابینا افراد کو اِن ہی زبانوں میں تعلیم دی جاتی ہے اور نقطہ نمبر 1 جو سب سے اوپر کے خانے میں ایک نقطہ ہوتا ہے یہ الف کی علامت ہوتا ہے اور انگریزی میں A کی علامت ہوتا ہے جسے اُردو وغیرہ میں "ایک الف" اور انگریزی میں "One A" پڑھا جاتا ہے۔

نقطہ نمبر 2 اگر کسی لفظ کے درمیان میں آجائے تو زَبر کی علامت ہے اور اگر آخر میں آجائے تو comma کی علامت ہے اور نقطہ نمبر 3 کی تفصیل پہلے گزر چکی اور نقطہ نمبر 6 اُردو میں اگر کسی لفظ کے درمیان میں آجائے تو شد اور لفظ کے آخر میں آجائے تو دو زَبر کی علامت ہے اور انگریزی میں کسی حرف سے پہلے یا لفظ کے شروع میں آجائے تو بڑے حرف کیپیٹل لیٹر کی علامت ہے۔ چونکہ اُردو اور انگریزی بریل کے حروف تہجی گویا ایک سے ہوتے ہیں اور اُردو اور انگریز بریل کی گنتی اور دیگر علامات میں بھی کوئی فرق نہیں اور یہ دونوں بائیں طرف سے لکھی جاتی ہیں۔ لہٰذا انگریزی بریل کی پہچان یہ ہے کہ وہ کیپیٹل یعنی بڑے حرف سے شروع ہوتی ہے جس کی علامت بریل میں نقطہ نمبر 6 ہے اور یہی نقطہ نمبر 6 اگر انگریزی میں لفظ کے درمیان آجائے تو یہ موضوع بہت طویل ہے تاہم ہمارے اساتذہ اِن مسائل کو حل کرنے اور ایسے سوالات کا جواب دینے سے قاصر ہیں اور جب سائل اِن اساتذہ کی ایسی کمزوریاں بیان کرتا ہے تو اس سے مراد تجمل حسین دانش نہیں ہوتا۔ وہ تو ویسے بھی یہاں کا مستقل اُستاد نہیں بلکہ اصل میں اُس کی تقرری مردان میں ہوئی تھی اور وہ یہاں attachment پہ تعینات ہے جو مردان سے تنخواہ لے رہا ہے۔
بہر حال جیسا کہ بیان کیا گیا کہ بریل میں زیادہ سے زیادہ چھ نقطے ہوتے ہیں جنہیں اگر اکھٹا لکھا جائے تو مستطیل شکل میں اُردو وغیرہ میں ظ اور انگریزی میں for کا کنٹریکشن بن جائے گا جس کا کوڈ ایک - دو - تین - چار - پانچ - چھ اور 1-2-3-4-5-6 ہے۔

الزامات کے جواب میں ایک لفظ بھی نہیں کہا تو اب موجودہ افسر بھی سائل کے سامنے یہی جھوٹ دہرانے لگا اور کہا کہ آپ نے جو مجھے 78 صفحات کا جواب جمع کروایا ہے اُس میں اپنے الزامات کے متعلق کچھ بھی نہیں لکھا۔ سائل نے یاد دلایا کہ یہی غلطی تو ریاض الحق ثانی نے بھی کی تھی۔ اگر سائل تاخیری حربے استعمال کرنا چاہتا تو ایسی غلطیوں کی نشاندہی نہ کر کے آپ کو مزید ذلیل و خوار کرتا مگر آپ لوگوں کے پاس کسی بھی مخلص شخص کی کوئی قدر نہیں۔

جناب والا! اگر آپ کو گالیوں کی اتنی ہی غیرت ہے تو آپ سائل کو بے جا تنگ و پریشان والے ایسے کام کیوں کرتے ہیں جن سے تنگ آ کر کوئی آپ کو بادلِ ناخاستہ گالیاں دینے پر مجبور ہو جائے جس کا سائل کو بھی نہایت افسوس ہوتا ہے اور آپ سے اِس حوالے سے معزرت خواہ ہوں لیکن آپ ہمیشہ مخالفت برائے مخالفت کی پالیس پر عمل کرتے ہوئے پہلے سے طے شدہ ذہن کے مطابق زدو تعصب کی بنا پر سائل کو ہمیشہ ٹارگٹ کیوں کرتے ہیں؟ آپ کو اپنی گالیوں کی تو فکر ہے مگر قائدِ اعظم اور عدالتوں کو گالیاں دینے کی فکر کیوں نہیں؟ کیونکر آپ سائل کو بے جا درخواست بازی کا عادی مجرم قرار دے سکتے ہیں جب کہ ایسی سنگین شکایات کے باوجود بھی آپ کسی کے خلاف بھی انکوائری نہ کر کے اُسے باعزت ریٹائر ہونے کا موقع دیتے ہیں؟ شاید آپ اپنی مکارانہ چالوں کے ذریعے جھوٹی انکوائریاں کر کے سائل کو بدنام کرنے میں کامیاب ہو جاتے لیکن ایسے باعزت ریٹائر ہونے والے سنگین ملزمان کی انکوائریاں نہ کرنا ہی آپ کے خلاف ایک بہت بڑا ثبوت اور آپ پر ایک بہت بڑا بدنما دھبہ ہے جس پر آپ کے **خلاف ملک دشمنی اور غداری کا مقدمہ بننا چاہیئے۔**

5- یہ کہ سائل 1999 کے بعد زیادہ تر گھر میں ہی قرآن مجید و ذرائع ابلاغ کی وساطت سے تعلیم و تعلم سے وابستہ رہا اور بعد ازاں مختلف مدارس میں قرآن مجید کا دور کرنے جاتا مگر بلا خرطے یہ کیا گیا کہ سائل کو دنیاوی تعلیم مزید جاری رکھنے کے لئے المینار مرکز نابینا برائے بالغاں 279 / بڑی 79 (اُناسی) نادر خان۔ گلی نمبر 4 فیصل آباد بھیج دیا جائے جہاں سائل دسمبر 2004 تا اپریل 2007 زیرِ تعلیم رہا جہاں سے باقاعدہ میٹرک کا امتحان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد سے پاس کر کے لوٹا اور دینی تعلیم مزید جاری رکھنے کے لئے 2007 میں درسِ نظامی کا طالبعلم ہوا۔

نوٹ: سائل اور ادارہ ھذا کے ایک اور ملازم یعنی سائل کے ہم جماعت تجمل حسین دانش بریل ٹیچر کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ ہم دونوں ادارہ کے جملہ ملازمین کے مقابلہ میں پنجاب سے تعلیم یافتہ ہیں اور تجمل حسین دانش ولد جہانگیر خان سکنہ محلہ جلال بابا چوک ملکپورہ ایبٹ آباد وفاقی خصوصی اداروں مثلاً مشہور نابینا لیڈر اور اُستاد بابا بریل جناب عبدالمنان صاحب کے زیرِ نگرانی NTCSP سے بھی وابستہ رہا۔

تجمل حسین دانش کا اپنا یہ کہنا ہے چونکہ یہاں کے نااہل اساتذہ ہمیں مکمل طور پر بریل سکھانے کے قابل نہ تھے چنانچہ اُس نے ایک اور نابینا پروفیسر اور ہمارے اُستادِ محترم جناب اصرار شاہ صاحب کے دوست پروفیسر شمس الرحمان صاحب سے بریل سیکھی اور چونکہ یہ ایک پڑھے لکھے VIP خاندان سے تعلق رکھتا ہے اور اِس کی ایک بڑی ہمشیرہ محترمہ جنھوں نے بعد ازاں ڈاکٹریٹ کا امتحان پاس کیا وہ اُسکی معلمہ تھیں اور وہ عام کتابوں سے تجمل کو پڑھایا کرتی تھیں۔ ہم نے ''اپاس ٹرافی'' کی علامت ابھی تک نہ پڑی تھی۔

نوٹ: اُردو وغیرہ میں نقطہ نمبر 3 حمزہ کی علامت ہے اور یہی علامت انگریزی میں ڈاٹ 3 اپاس ٹرافی کے لیئے استعمال ہوتی ہے۔ چونکہ ہمارے اساتذہ کو اِن چیزوں کا کوئی علم نہیں اور یہ نام نہاد گریجویٹ نابینا اساتذہ انگریزی تو بالکل پڑھا سکتے ہیں نہیں۔ چنانچہ

برائے نابینا ضلعی شاخ ایبٹ آباد کے صدر سردار قاری خورشید صاحب اور ان کے چھوٹے بھائی سردار محمد ایاز صاحب جو کہ اُس وقت ادارہ ھذا میں نابینا کین ورکر تھے کا رویہ نابینا افراد کے قائدین و نمائندہ گان ہونے کے باوجود نابینا مخالف ہے اور یہ ہر نابینا مخالف کے حامی نظر آتے ہیں۔ اُس وقت سے ہماری مخالفت کا آغاز ہو گیا اور علی زمان صاحب تو ویسے بھی اپنی کمزوریوں کے باعث اِن کے بظاہر وفادار چیلے بنے رہتے ہیں اور اِن لوگوں کو ایک دوسرے کی ایسی ایسی کمزوریاں معلوم ہیں جن پر انہوں نے پردہ ڈالا ہوا ہے جو اِن کی باہم مخالفت کے نتیجہ میں انکشافات کے نتیجہ میں ایک پنڈورہ باکس کھل سکتا ہے۔ لہٰذا یہ بظاہر آپس میں خصوصاً سائل کے خلاف متحد ہیں۔ چنانچہ انہوں نے سائل کی تنظیمی رکنیت کی مخالفت کرتے ہوئے عوام و خواص میں سائل کو پاگل مشہور کرنا شروع کر دیا اور انہی بنیادوں پر ملازمت کی بھی مخالفت کی۔ جناب والا! آپ صاحبان کا مسئلہ یہ ہے کہ جب سائل کے حق ملازمت وحقِ تنظیمی رکنیت کو تسلیم کرنے کی باری آتی ہے تو آپ لوگ سائل کو پاگل قرار دے دیتے ہیں مگر جب سائل کو مذکورہ زہر والے مقدمہ جیسے مقدمہ میں پھنسانا مقصود ہو تو سائل کو ایک انتہائی ہوشیار، چالاک اور شریر قرار دے دیتے ہیں یوں جب آپ کی تضاد بیانیوں سے جب سائل کو شک کا فائدہ ملتا ہے تو اِس کا قانونی حق ہے تو آپ کو تکلیف شروع ہو جاتی ہے اور پورے پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اپنی نوعیت کی ایک واحد/ منفرد مثال قائم کرتے ہوئے اور قانون کو تسلیم نہ کرتے ہوئے بلکہ اپنی مرضی کا قانون بناتے ہوئے آپ کہہ دیتے ہیں کہ چونکہ تم صرف شک کی بنیاد پر بری ہوئے ہو لہٰذا تمہاری بریت اور عدالتی فیصلہ کو ہم تسلیم نہیں کرتے اور تم ابھی بھی قصور وار ہو۔ جناب والا! کیا آپ اپنی عدالت لگانا چاہتے ہیں؟ کیا آپ with in state state کے تحت اپنی متوازی عدالت قائم کئے ہوئے ہیں؟ پھر آپ نے اور آپ کے انکوائری افسر نے سروس ٹریبونل کے عدالتی طرز پر de novo انکوائری کے فیصلہ کا مزاق اُڑاتے ہوئے یہ کیوں کہا کہ ہم عدالتی طرز پر یعنی E & D rule کے مطابق ضابطہ دیوانی 1908 کے تحت گواہی کا عمل آگے نہیں بڑھا سکتے اور ہم اپنی عدالت نہیں لگا سکتے؟ لہٰذا سائل کے خلاف مذکورہ انکوائری بمطابق E&D رولز نہ تھی۔

جناب والا! سائل پر یہ الزام لگایا گیا کہ یہ خود کو بچانے کے لئے انکوائری کے عمل کو تاخیری حربوں کا شکار اور ہمارا وقت ضائع کر رہا ہے۔ حالانکہ اگر اس الزام میں صداقت ہوتی تو سائل معزز سروس ٹریبونل سے یہ تقاضہ ہرگز نہ کرتا کہ سائل کے خلاف گواہان چونکہ بہت زیادہ ہیں اور ادارہ میں 35 ملازمین ہیں اور دیگر افسران و پولیس اہلکاران اِن کے علاوہ ہیں۔ جیسا کہ ٹریبونل کی تاریخ مختصر سے مختصر بھی عموماً 2 ماہ بعد آتی تھی چونکہ سائل کو سابقہ انکوائری میں گواہان پر جرح کا موقع نہیں دیا گیا تھا اور عدالت نے یہ تقاضہ کیا تھا مروجہ قانون مذکورہ بالا کی روشنی میں عدالتی طرز پر گواہان پر جرح کی جائے جو کہ نہ ہونے کے باعث بلکہ گواہان کے بیانات ہی سرے سے قلم بند نہ ہونے کے باعث اُس انکوائری میں ایک بڑی خامی تھی۔ چنانچہ سائل نے عدالت سے درخواست کی تھی کہ اگر مذکورہ گواہان پر ایک ایک تاریخ پر بھی جرح کی جائے تو کئی سال کا عرصہ درکار ہے۔ چنانچہ عدالت نے آپ کو یہ انکوائری ریفر کی تھی تا کہ معاملہ غیر ضروری تاخیر کا شکار نہ ہو جس کا غلط فائدہ اُٹھایا گیا۔

دوئم یہ کہ آپ لوگ پہلے سے طے شدہ بدنیت ذہن کے مطابق نام نہاد انکوائریاں کرتے ہیں جو عدل و انصاف اور قانون کے سراسر منافی ہے۔ چنانچہ جیسا کہ سابقہ جھوٹے انکوائری افسر ریاض الحق ثانی نے سائل کے متعلق پہلے جھوٹ بولا تھا کہ سائل نے جو مذکورہ 300 صفحات کی درخواست اُسے بطور جواب چارج شیٹ دی تھی جو کہ دراصل سیکرٹری صاحب کے نام ایک رپورٹ تھی جو اِن سب سے مایوس ہو کر لکھی گئی تھی جس میں ملازمت کے علاوہ تنظیمی مسائل بھی زیر بحث تھے اُس میں چونکہ اعتراضات کا مفصل جواب تھا اور سائل کے پاس وقت اور وسائل کی بھی قلت تھی تو اِس نے جھوٹ بولتے ہوئے کہا کہ سائل نے اپنے خلاف عائد شدہ

میں عملِ قوم لوط کے واقعات بھی رپورٹ ہوتے ہیں۔ جناب والا! انگریزی سکولوں میں ہاسٹل کی زندگی ہو یا دینی مدارس میں سائل کا قیام کیا کوئی ایک واقع بھی سائل کے حوالے سے ایسا رپورٹ ہوا؟ اِس کے برعکس علی زمان صاحب جیسے لوگ جو سائل پر بہتان تراشی کرتے ہیں اِن کے زمانہ طالبعلمی کے بہت سارے واقعات ایسے ملتے ہیں۔

سائل کی منشاء یہ بھی تھی کہ اپنے سابقہ مدارس کے ساتھیوں کو بھی اپنے دفاع میں بطور گواہ پیش کرے تاکہ وہ بتا سکیں کہ سائل کا کردار کیسا تھا؟ مگر بدقسمتی سے نہ تو یہ موقع سیشن کورٹ میں ملا، نہ اپنے وکلاء نے ملنے دیا اور نہ ہی کہیں اور۔ نیز اب اُن سابقہ طلباء کا ملنا بھی نہایت مشکل ہے۔ بدیں وجہ جو کہ وکلاء نے سائل کا مقدمہ صحیح طرح حسب منشاء نہ لڑا اور جان چھڑانے کی کوشش کی یہ وکلاء جو عموماً کرپٹ اور حرام خور ہوتے ہیں اور پاکستان کے کس شعبہ میں کام چوری نہیں؟ چنانچہ اِن وکلاء نے دستیاب ریکارڈ کو بھی درست طور پر ملاحظہ کرنے کے بجائے محض شک کا فائدہ سائل کو دلواتے ہوئے بری کروانے پر ہی اکتفا کیا جس پر سائل کو شدید اعتراض رہا اگرچہ شک کا فائدہ بھی سائل کا حق ہے۔ لیکن جناب والا! آپ لوگ سائل کے ساتھ اس قدر انوکھا امتیازی سلوک کرتے ہیں کہ پوری دنیا کا قانون ہر ملزم کو شک کا فائدہ دیتا ہے اور ہر ملزم شک کی بنیاد پر ہی بری ہوتا ہے جب مدعی اُس کے خلاف کوئی ثبوت پیش کرنے میں ناکام ہوتا ہم سائل کے آخری وکیل ملک شمعروز صاحب نے عدالت کے روبرو جو باتیں کہیں جنہیں ریکارڈ کا حصہ نہیں بنایا گیا جن کی رو سے یہ بات بالکل واضح تھی کہ زہر خوارنی والے کام میں سائل کا کوئی ہاتھ نہیں اور سروس ٹربونل میں بھی سائل نے یہ باتیں کیں مگر اُنہیں بھی ریکارڈ کا حصہ نہ بنایا گیا چنانچہ آپ کی طرف سے جاری کردہ چارج شیٹ کے جواب میں سائل نے تحریری طور پر اِن باتوں کو از خود ریکارڈ کا حصہ بنا دیا جو کہ انکوائری افسر ڈی او چارسدہ کو مورخہ 29-07-2020 کو زیر رسید نمبر RGL38089871 اور جناب کو زیر رسید نمبر RGL38089872 ارسال کر کے 78 صفحات پر مشتمل اپنا تفصیلی جواب ارسال کیا مگر آپ نے چونکہ پہلی ہی سے یہ طے کر رکھا ہے کہ آپ نے سائل کی ہمیشہ مخالفت ہی کرنی ہے اور کسی بھی صورت سائل کی بات کو ماننے کو ہرگز تیار نہیں ہوتے لہٰذا آپ کے سامنے دلائل دینا بھینس کے آگے بین بجانے کے مترادف ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات سے یہ اُمید ضرور ہے کہ کبھی تو انصاف ہوگا اور ان باتوں کو ریکارڈ کا حصہ بنانے سے انشاءاللہ کبھی نہ کبھی تو ضرور فائدہ ہوگا۔


علی زمان صاحب نے کہانی اِس انداز سے شروع کی:

"ایک گاؤں میں ایک پاگل دیوانی عورت رہتی تھی۔ ایک مرتبہ اُس کے بھائی کی شادی تھی۔ اُس سے لوگوں نے (طنزیہ طور پر) محض چڑانے کے لیے پوچھا اے پگلی کیا تم شادی نہیں کرتی ہو؟ جیسے ہم لوگ تمہیں چڑانے کے لئے پوچھتے ہیں کہ سجاد کیا تم شادی نہیں کرتے ہو؟ تو اُس نے ایک بہت دُکھی آہ بھری اور کہا کہ جب سگے مجھے نہیں بیاہتے تو اور کون مجھے بیاہے گا؟؟ یعنی وہ پاگل تھی اور اُسے معلوم نہیں تھا کہ بہن اور بھائی کی شادی جائز نہیں تو اُسے یہ دکھ تھا کہ میرا بھائی بھی شادی کر رہا ہے اور میں اِس سے محروم ہوں اور میرا بھائی بھی مجھ سے شادی کرنے کو تیار نہیں تو اور کون کرے گا؟ لہذا اُس نے ایک مایوس کُن آہ بھری"

جناب والا! کیا اِن لوگوں بالخصوص علی زمان صاحب کو میرے ساتھ ایسا سلوک کرنا چاہیئے؟ جناب والا کیا میں اِن جیسا بلکہ کئی اعتبار سے اِن سے بہتر نابینا نہیں ہوں؟ جناب والا کیا ایسے لوگوں کو ہمارے فلاحی ادارہ جات و تنظیمات کا حصہ ہونا چاہیئے؟ سائل کبھی بھی اساتذہ کرام کے خلاف محاز آرائی نہ کرتا لیکن ادارہ کی نظریاتی ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا جا رہا ہے اور سماجی نوعیت کے اِن مسائل کے حوالے سے بدقسمتی سے سائل کی محاز آرائی اپنے اساتذہ کے ساتھ ہوگئی ہے۔ اور اِس محکمہ میں بالخصوص کوئی میرا اُستاد بن کر اور کوئی کسی اور شکل میں میرے محسن بن کر مجھے ایسی ایسی اذیتیں پہنچانا اپنا حق اور فرضِ منصبی سمجھتا ہے اور اِس کے خلاف ذرا سا بھی ردِعمل کو جُرم قرار دیتا ہے۔ جناب والا جب یہ ادارہ جات نہیں تھے تو ۱
تب تو ہم نے صبر شکر کیا ہوا تھا کہ ہم نابینا اور دوسروں سے کم تر ہیں اور بینا لوگ ہم سے آگے ہیں اور ہم بالکل اُن جیسے نہیں ہیں بلکہ ہمارے اور اُن کے درمیان فرق ہے۔ لیکن اب تو یہ احساس دلایا جا رہا ہے کہ سائل اپنے دیگر نابینا ساتھیوں جیسا بھی نہیں ہے۔ کیا یہ بات مزید احساس کمتری اور احساس مرحومی کا باعث نہیں؟ لہذا یا تو ایسے لوگوں کو ہمارے اِن فلاحی ادارہ جات میں نہیں ہونا چاہیئے یا پھر سرے سے ہمارے اِن نام نہاد فلاحی ادارہ جات ہی کو نہیں ہونا چاہیئے۔

لعنت ہو ایسے اداروں پر۔ آگ لگے ایسے اداروں کو۔

جب علی زمان صاحب کا مذکورہ رویہ انکوائری افسر کے سامنے ذکر کیا گیا تو نہ صرف اُس بے حس کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی بلکہ علی زمان صاحب نے بھی ایسی باتوں کو محض ہنسی مذاق، کھیل تماشے اور گپ شپ سے تعبیر کیا۔ یہ بھی کہا کہ یہ تو محض گپ شپ ہے۔ کیا یہ کوئی گپ شپ ہے؟ کیا وہ حلفاً میرے باتوں کی تردید کر سکتے ہیں؟

جیسا کہ آج کل روایتی طور پر پھر سائل کو اِن لوگوں کی طرف سے طعنہ زنی کا سامنا ہے اور آج کل ہماری سٹاف ممبر لبنہ بی بی کے حوالے سے سائل کو طعنو تشنیع کا نشانہ بنایا جا رہا ہے کہ لڑکیاں ہمیں پسند کرتی ہیں تمہیں نہیں۔ جناب والا کون کہتا ہے کہ یہ رویہ ایکشن ایبل نہیں؟ یہ تو یہ لوگ سائل کو اِس قدر احساسِ کمتری وغیرہ میں مبتلا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نہ صرف معذور بلکہ غیر معذور لڑکیاں بھی ہمارے پیچھے بھاگتی ہیں اور تم سے ہر کوئی جان چھڑاتا ہے۔ اور قانون ہر کسی

رویہ اور گھٹیا کردار کو بدلنے کے لئے بھی کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کر سکتے تو کہتے ہیں یہ تمارا ذاتی معاملہ ہے حالانکہ سائل اُن تمام تکالیف کو ریکارڈ کا حصہ بناتا رہتا ہے جو اِن لوگوں کی جانب سے اِسے پہنچ رہی ہیں اور ماضی میں جب سائل کے خلاف کسی کو مذکورہ زہر والا ایشو نہیں ملا تھا تو یہ ایشو بنا دیا گیا تھا۔ چونکہ سائل کی شادی نہیں ہو رہی اور سائل مختلف نفسیاتی مسائل وامراض اور احساسِ کمتری وغیرہ کا شکار ہو کر اِن کے خلاف بے جا درخواست بازی کرتا ہے حالانکہ اگر سائل کی شادی نہیں ہو رہی تو اِس میں ہمارے کیا قصور یا کیا کردار ہے؟ اِس پر سائل نے انہیں بھرپور جواب دیتے ہوئے یہ موقف اختیار کیا کہ سائل کی ایک مقدس جدوجہد کو ایسے گھٹیا ہتھکنڈوں کے ذریعے بدنام نہ کیا جائے نیز یہ بھی بتایا کہ اِن کا کیا قصور یا کیا کردار ہے۔؟

جنابِ والا! یہ آپ (محکمہ) نے ہی ذمہ داری لی تھی کہ آپ معذور افراد کو نارمل زندگی میں لاکر بلکُل دوسروں کے شانہ بشانہ چلائیں گے اور جب کوئی اِس طرف آپ کی توجہ دِلاتا ہے کہ آپ اِس کے برعکس کر رہے ہیں یا فلاں فلاں حوالوں سے آپ کے کام میں کوتاہی ہے تو کہتے ہیں کہ یہ اُس کا ذاتی مسئلہ ہے؟ حالانکہ باہر کے لوگوں کی بنسبت اپنے نابینا فرد اور ملازم کی فلاح و بہبود اور بحالی پر میرے زیادہ حق ہے۔ چنانچہ آپ کو پالیسی سازی میں اپنا کردار ادا کرنے کے علاوہ میرے ملزمان کو سزا دلوانے میں بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ خصوصاً اُن لوگوں کو جو ہمارے ہی محکمہ کے لوگ ہو کر نہ صرف ہم سے نفرت کرتے ہیں یا ہمیں بے غیرتی والی زندگی گزارنے پر مجبور کرتے ہیں اور خصوصاً وہ لوگ جو نا صرف ہماری کمیونٹی اور فلاحی ادارہ جات وتنظیمات کے لوگ ہیں بلکہ ہمارے نمائندہ گان اور رہنما ہونے کے تابعدار ہیں۔

یہ آپ ہی نے ذمہ داری لی تھی کہ آپ ایک جیسے معذور افراد کو ایک جیسے اداروں میں اکٹھا کر کے اُنہیں ایسا ماحول فراہم کریں گے کہ یہ لوگ احساسِ کمتری / احساس مرحومی کا شکار بالکل بھی نہ ہوں اور اپنے آپ کو نابینا سمجھنا ہی چھوڑ دیں اور اپنے آپ کو بلکُل دوسروں کی طرح محسوس کریں لیکن صورت حال اِس کے برعکس ہے کہ دوسرے لوگوں کیطرح درکنار علی زمان صاحب جیسے لوگ بھی اور تو اور سائل کو نابینا لوگوں اور اپنے جیسا سمجھنے کو بھی تیار نہیں۔ صرف ایک مرتبہ کہیں بھول کر سائل سے اِس کی شادی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہ اُٹھے کہ تم بھی تو ہماری ہی طرح کے نابینا ہو کوئی خاص قسم کے نابینا تو نہیں ہو۔ اگر ہماری شادیاں ہو سکتی ہیں تو تمہاری کیوں نہیں؟ اِس پر میں اُن کا شکر گزار ہوں کہ وہ واحد نابینا ہیں جنہوں نے اِس محکمہ میں 29 سالہ طالب علمی اور ملازمت کے تجربہ کے دوران صرف ایک مرتبہ یہ جملہ کہہ کر میرے حوصلہ افزائی کی۔ ورنہ مجھے ہمیشہ دوسروں سے مختلف ٹریٹ کیا جاتا ہے، خصوصاً شادی کے معاملہ میں۔ جنابِ والا! آپ اور میرے سمیت ہم سب یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ کین ورکر ارشد مرحوم کی شادی میں ہمارے سٹاف اور متعلقہ انچارج کا کیا کردار تھا۔ اُس کی بحالی کو تو اپنا فرض سمجھا گیا اور میرے بحالی کو محض میرا ذاتی مسئلہ اور محکمہ سے غیر متعلقہ قرار دیا جا رہا ہے، حالانکہ ارشد کتنا جاہل شخص تھا یہ بھی سب جانتے ہیں۔ اکثر طلباء اُسے نماز کا سبق اور کلمہ وغیرہ پوچھ کر تنگ کیا کرتے تھے۔ جس کا ذکر بھی سائل کی درخواستوں میں بارہا آتا رہا لیکن کسی نے اِس کے خلاف انکوائری نہ کی کہ اتنا جاہل شخص کیسے میٹرک کی بنیاد پر کین ورکر کی پوسٹ پر بھرتی ہو کر سرکاری خزانہ کو نہ صرف خود لوٹتا رہا بلکہ اب اُس کا خاندان بھی اُس کی پنشن سے مستفید ہو رہا ہے۔ جنابِ والا! لوٹتے چلے جایئے، لوٹتے چلے جایئے!! یہ سرکار کا مال ہے کونسا آپ کسی کو اپنی ذاتی جیب سے نواز رہے ہیں ۔ مالِ مُفت دلِ بے رحم !!" لیکن لوگوں پر اِس کا بھی احسان جتلاتے رہیئے !۔۔

زندگی کو دفتر ریکارڈ کا حصہ بنائے بلکہ یہ ایک سماجی اور معذور افراد کی بحالی کا مسئلہ ہے جس کے لئے سائل نے خود کو بطور مثال پیش کیا ہے۔ جب محکمہ نے سائل کے خلاف کچھ کرنا ہو تب تو یہ نہیں دیکھا جاتا کہ یہ سائل کے ذاتی مسائل ہیں مگر جب سائل ایسے مسائل کو اُجاگر کر کے یہ باور کرانے کی کوشش کرتا ہے کہ ہمارے محکمہ نے کیوں معاشرہ کے سامنے ہار مان لی اور کیوں اپنی شکست تسلیم کر لی؟ آخر سائل کی ذاتی بحالی بھی تو محکمہ کا فرض تھا اور جیسا کہ حکومت نے ہر کام اور ہر شعبہ کو مختلف ادارہ جات میں تقسیم کر رکھا ہے اور ہماری فلاح و بہبود کو محکمہ ہذا کے سپرد کیا ہے۔ یہاں دیگر لوگ اپنی ذاتی نوعیت کی شکایات لے کر آجاتے ہیں اُنہیں تو نہیں کہا جاتا کہ یہ اُن کے محض ذاتی مسائل ہیں اور صرف سائل ہی کی بار یہ کہا جاتا ہے کہ یہ تمہارے ذاتی مسائل ہیں انکا محکمہ سے کوئی تعلق نہیں لیکن جب سائل کی پگڑی اُچھالنی ہو تو پھر وہ مسائل جن کا واقعی محکمہ سے کوئی تعلق ہی نہیں ہوتا اُن کو خواہ مخواہ اُچھالا جاتا ہے اور پھر محکمہ سے یوں اِن باتوں کا تعلق بن جاتا ہے کہ یہ محکمہ تو ہماری فلاح و بہبود کے لئے ہے نہ کہ ہمیں مزید برباد یا ذلیل و خوار کرنے کے لئے۔ جناب والا! جیسا کہ آپ نے گزشتہ دنوں یہ بتایا تھا کہ محترم جناب DO صاحب کے پاس گزشتہ دنوں ایک عورت اپنے گھر کی شکایات لے کر آئی تھی اُسے تو نہیں کہا گیا کہ یہ تمہارے ذاتی مسائل ہیں اِن کا محکمہ سے کیا تعلق۔ نیز جناب والا چائلڈ پروٹیکشن کے مسائل ہوں یا دارالامان کے جس طرح انہیں سماجی مسائل کی حیثیت سے ٹریٹ کیا جاتا ہے اس طرح نابینا/معذور افراد بالخصوص میرے مسائل جن کا تعلق ہماری سماجی بحالی اور معاشرتی تبدیلی سے ہے کیوں محکمہ ہذا کے دائرہ اختیار میں نہیں آتے؟ اِن سے تو یا آپ لوگ On the record اظہار لاتعلقی کر لیتے ہیں یا پھر سائل کے خلاف بطور ہتھیار انہیں استعمال کیا جاتا ہے۔ جناب والا! ذیل کی تفصیلات سے سائل کی شادی بیاہ سے متعلق درخواست جو گزشتہ دنوں DPO صاحب کو لکھی گئی اور آپ سمیت دیگر حکام بالا کو نقول ارسال کی گئیں۔ درخواست ہذا سے اِس کا تعلق بالکل واضح ہو جائے گا۔

جناب DPO صاحب و دیگر پولیس حکام کے ذمہ چونکہ امن و امن قائم رکھنے اور افراد معاشرہ کو جرائم سے روکنے کی ذمہ داری ہوتی ہے اور جرم ہر وہ فعل ہے جو ریاستی مفادات کے خلاف ہو یا جس سے ریاست منع کرے۔ چنانچہ درخواست مذکورہ بالا میں فوجداری/قابل دست اندازی جرائم کی نشاندہی کر کے ملزم یا ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا گیا تا کہ وہ قانون کی گرفت سے نہ بچ سکیں اور کوئی اور جرم سرزد ہونے سے پہلے ہی اُنہیں قانون کی گرفت میں لایا جا سکے۔

جناب والا! اگر کسی عورت پر گھریلو یا کسی بھی قسم کا جسمانی یا ذہنی تشدد ہو تو وہ تو فلاحی اداروں کا مسئلہ ہوتا ہے اور سجاد کا مسئلہ محض اُس کا ذاتی ہوتا ہے؟؟ جناب والا! اگر ایک معذور کو اُس کے معاون آلات مثلاً ایک نابینا کو سفید چھڑی نہ ملے یا بریل کتب وغیرہ نہ ملیں یا کسی سے اُسے کوئی خطرہ لاحق ہو یا کوئی اُس پر زیادتی کرے تو کیا یہ محض اُس فردِ واحد کا ذاتی مسئلہ ہے؟ جناب والا! یوں تو آپ لوگ بڑے فخر سے ہر ایک کو بتاتے پھرتے ہیں کہ آپ نے فلاں فلاں معذور کی بحالی کے لئے کام کیا اور وہ شادی شدہ اور اُس کے اتنے بچے ہیں تب تو یہ اُس کا ذاتی مسئلہ نہیں رہتا۔ لیکن جب کوئی اس طرف آپ کی توجہ دلائے کہ آپ یعنی حکومتی لوگوں کے غیر ذمہ دارانہ اور مبنی بر غفلت رویہ کے باعث فلاں کی زندگی متاثر ہو رہی ہے یا متاثر ہو چکی ہے اور آپ معذور افراد کی اجتماعی بحالی کے لئے فلاں فلاں اقدامات کر سکتے تھے جو آپ نے نہیں کیئے تو کیا یہ اُس کا ذاتی مسئلہ بن جاتا ہے؟

کیا جس سوچ کی نشاندہی درخواست مذکورہ بالا میں کی گئی آپ اپنے محکمہ کے لوگوں کی سوچ اور ان کے اس منفی

جناب والا! ازدواجی زندگی کے حوالے سے اِن کی سوچ کس قدر گھٹیا اور منفی ہے جس حوالے سے سائل نے اپنی گزشت تحاریز میں بھی بات کی ہے اور یہ بتایا ہے کہ یہ لوگ اپنے زیر سایہ / زیر تربیت افراد کو ریاست اور اِس کے قانون سے انتہائی بدزن اور متنفر کر کے بغاوت پر اُکساتے اور مجبور کرتے ہیں جو کہ سائل نے گزشتہ دنوں اپنی آخری درخواست بنام DPO ایبٹ آباد جس کی نقل جناب کو بھی مورخہ 19-03-2021 کو ارسال کی اور اِن تمام حُکام جن کو درخواست مذکورہ زیرعنوان <u>"سائل کو ریاست اسلامیہ جمہوریہ پاکستان کے خلاف بغاوت اور دشمنی پر اُکسایا/مجبور کیا جارہا ہے"</u> کو ارسال کی اِن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے

۱۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785823
۲۔ ڈی آئی جی پولیس ہزارہ، ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785819
۲۔ آئی جی پولیس خیبر پختونخواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785818
۳۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785833
۴۔ صدر PAB ضلع، ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785824
۵۔ سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹ فاردی بلائنڈ، ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785813
۶۔ DO سوشل ویلفیئر، ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785820
۷۔ ڈائریکٹر محکمہ سماجی بہبود و خصوصی تعلیم خیبر پختون خواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785815
۸۔ سیکرٹری زکوٰۃ عشر سماجی بہبود خصوصی تعلیم و ترقی خواتین خیبر پختونخواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785829
۹۔ وزیر برائے زکوٰۃ عشر سماجی بہبود خصوصی تعلیم و ترقی خواتین حکومت خیبر پختونخواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785830
۱۰۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785828
۱۱۔ گورنر خیبر پختون خواہ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785812
۱۲۔ وزیر برائے انسانی حقوق حکومت پاکستان، اسلام آباد، زیر رسید نمبر RGL58785835
۱۳۔ وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد، زیر رسید نمبر RGL58785825
۱۴۔ صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد، زیر رسید نمبر RGL58785832
۱۵۔ جوڈیشل مجسٹریٹ، ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785831
۱۶۔ ڈسٹرکٹ / سیشن جج ضلع، ایبٹ آباد، زیر رسید نمبر RGL58785836
۱۷۔ چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ، پشاور، زیر رسید نمبر RGL58785826
۱۸۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد، زیر رسید نمبر RGL58785834
۱۹۔ ڈائریکٹر جنرل سپیشل ایجوکیشن، اسلام آباد، زیر رسید نمبر RGL58785827
۲۰۔ وزیر برائے قانون حکومت پاکستان، اسلام آباد، زیر رسید نمبر RGL58785835

جناب والا! یہ کوئی سائل کا محض ذاتی معاملہ نہیں تھا اور نہ ہی سائل اتنا پاگل اور بے وقوف ہے جو محض اپنی ذاتی

زمان صاحب نے بہانہ کر کے پوچھا کہ "جناب! کیا میں اپنی پاکٹ فریم لینے جاؤں؟؟" اُنہوں نے پوچھا کہ پہلے کیوں نہیں لے کر آئے؟ تو اُنہوں نے بہانہ کیا کہ الماری میں بھول آئے ہیں اور پوچھ کر کہ طالبعلم کی والدہ کہاں بیٹھی ہے؟ الماری کی طرف گئے اور دانستہ طور پر الماری کو ٹھوکر لگا کر پاس بیٹھی مذکورہ خاتون کو زور سے اُس کے پستانوں سے پکڑتے ہوئے با آواز بلند گویا ہوئے "سوگ دے؟" (کون ہے) وہ عورت جتنی زور سے اپنے آپ کو چھڑانے کی کوشش کرتی اتنے ہی زور سے یہ اُسے دبوچنے کی کوشش کرتے اور آگے کا حال سائل کو معلوم نہیں۔

علی زمان صاحب نے برے درحلے سے انکوائری افسر کے سامنے کہا کہ ہمارے خلاف تو یہ 78,78،76,76 صفحات لکھتا ہے لیکن جس دن ہم نے یہ صفحات لکھے تو اِسے پتہ چلے گا۔ ہم بھی اِس کے خلاف سینکڑوں صفحات لکھ سکتے ہیں مگر کسی وجہ سے چپ ہیں۔ لیکن اب ہم لکھیں گے۔ جن کا سائل ابھی تک منتظر ہے۔

اِنہوں نے ایک بار پھر سائل کو کرسیوں کا کام نہ آنے کی بات چھیڑی تو سائل نے کہا کہ آپ نے مجھے چیلنج کیوں نہیں کیا تو اِس پر اُنہوں نے اپنی بدعنوان اور قابل مذمت سوچ کا اظہار کرتے ہوئے جو کہ پہلے دن تولا جواب ہو گئے تھے ،دوسرے دن حاضر جوابی سے کہا "چیلنج اس لئے نہیں کیا کہ ہمارا نابینا بھائی کہیں اڑ جائے" یعنی اگر بینا غلط ہو تو چیلنج ایبل اور نابینا غلط ہو تو خیر ہے۔ اور دعوے یہ ہیں کہ یہ لوگ معاشرہ کی اِس روائتی سوچ کو بدلنے کے لئے کام کر رہے ہیں! نیز نابینا اگر اِنہیں چیلنج نہ کریں تو خیر ہے اور اگر چیلنج کریں تو اِس سے بُرا انسان کوئی نہیں؟

15۔ جناب والا! ایک طرف تو ہمیں زندگی کے ہر شعبہ میں دوسروں کے شانہ بشانہ چلانے کی بات کی جاتی ہے تو دوسری طرف ہمیں یہ درس دیا جاتا ہے کہ آپ کا سرکاری ملازمتوں کے بغیر کوئی مستقبل نہیں اور آپ کو مجبوراً سرکاری نوکری کرنا پڑے گی۔ وہ بھی عموماً کسی نابیان سکول میں زیادہ سے زیادہ ایک مدرس کی پوسٹ پر، ورنہ آپ کی شادیاں بھی نہیں ہونگی۔

جب اخبار میں سائل سے منسوب ایک آرٹیکل شائع ہوا تھا تو علی زمان صاحب نے اِس موقع پر سائل کو ڈراتے ہوئے کہا تھا کہ "کبھی کبھی پکوڑا تلتے ہوئے اپنا ہاتھ بھی جل جاتا ہے" نیز اُنہوں نے سائل سے کہا کہ "اگر تمہاری کچھ مجبوریاں تھیں اور تم سرکاری ملازم بھرتی ہوئے تو میری بھی کچھ مجبوریاں تھیں"۔

جناب والا! اِن کی مجبوری یہ ہوتی ہے کہ اِن کے خیال میں سرکاری ملازمت کے بغیر اِنہیں کوئی بینا رشتہ ملنا ممکن نہیں۔ چنانچہ یہ لوگ سڑکیں بند کر کے دھرنہ دے کر نارہ لگاتے ہیں کہ:

"ساڈی اے مجبوری اے

نوکری لینڑی ضروری ہے" (ہماری یہ مجبوری ہے،،، نوکری لینی ضروری ہے)

اِن کی ایسی کیا مجبوری ہے یہ تو بیچارہ شرماتے ہیں اور کُھل کر نہیں بتا سکتے لیکن سائل آپ کو بتاتا ہے:

"اِن کی یہ مجبوری ہے آنکھ والی چھوکری لینی ضروری ہے،

جس کے لئے سرکاری نوکری ضروری ہے"

"تمہاری یہ مجبوری ہے، آنکھ والی چھوکری لینی ضروری ہے،

جس کے لئے سرکاری نوکری ضروری ہے"

اذیت پہنچاتے ہوئے مثالیں پیش کرتے ہیں کہ فلاں شخص کو پولیس نے اتنا مارا کہ اُس کی فلاں ہڈی ٹوٹ گئی، فلاں ہڈی باہر آ گئی وغیرہ وغیرہ تو اُس نے اپنا جرم نہیں مانا یعنی یہ لوگ میرے اُن حقوق کو تسلیم نہیں کرتے جو قانون مجھے عطا کرتا ہے۔

بہر حال میرے بری ہونے کے بعد بھی بس نہ کی گئی اور مخالف وکیل کے اصرار پر اور میرے بھی بہترین مفاد میں عدالت نے The Nove انکوائری کا حکم دیا جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کے نئے سرے سے انکوائری شروع کی جائے اور پرانی غلطیاں پھر نہ دہرائی جائیں مگر انکوائری افسر سپرنٹنڈنٹ عادل صاحب کے ہمراہ میرے خلاف وہی پرانا ریکارڈ دینے کے لئے تھانہ پہنچ گیا تو سنا ہے کہ وہاں سے بھی اُسے یوں منہ کی کھانی پڑی کہ پولیس نے کہا کہ ہم نے تو اُس پر کیس بنایا تھا اور اقبال جرم بھی مگر عدالت نے اُسے بری کر دیا اب ہمارے ریکارڈ کی کیا حیثیت باقی رہ گئی ہے؟

بہر حال جب علی زمان صاحب جیسے لوگوں سے میرے خلاف کچھ نہ بن پڑا تو انہوں نے اخلاقی جوازات کے ذریعے سائل پر کیچڑ اُچھالنا اور اسے داغ دار کرنا شروع کر دیا اور کہا کہ ہم اِس کے اُستاد ہیں حالانکہ غدار اور ملک و ملت کے دشمن اساتذہ کے ساتھ اُن کے لائق اور ہونہار شاگردوں کی تاریخ میں جنگیں بھی ملتی ہیں اور راشد منہاس شہید کا کردار بھی ہمارے سامنے ہے مگر راشد منہاس کی مثال پیش کرنے پر علی زمان صاحب نے اپنی طرف سے میرے تردید کرنے کے لئے کہا کہ راشد منہاس کے حال کی اصل حقیقت آج تک کسی کو بھی معلوم نہیں۔ یہ واضح نہیں کہ وہ پائلٹ جہاز کہاں لے جا رہا تھا اور اُس نے فضاء میں کس سے کیا بات کی؟ یہ تو انہوں نے میرے موقف کی مزید تصدیق و توثیق کی اور اِسے مزید مضبوط تر کر دیا کیونکہ جس کا جرم واضح نہیں تھا اُس استاد کو مارنے والا تو ہیرو! اور جن اساتذہ کے جرائم بالکل واضح ہیں اُن کے خلاف قلم اُٹھانے والا ولین/زیرو؟؟!!

بہر حال علی زمان صاحب نے اپنے پاس سے واقعات کو بڑھا چڑھا کر کہا کہ، کیا آپ آج جو ہمیں آنکھیں دکھاتے ہیں وہ وقت بھول گئے جب آپ چل بھی نہیں سکتے تھے؟ ہم نے آپ کی انگلی پکڑ کر چلنا سکھایا آپ کی جو ناک بہہ رہی ہوتی تھی اور جو آپ کو بیماری تھی اُس کا تو ہم ذکر بھی نہیں کرنا چاہتے"۔ علی زمان صاحب نے اِس موقع پر بھی مجھے گالی دیتے ہوئے "بیٹے" کہہ کر مخاطب کیا جناب والا آپ کا شکریہ کہ آپ سائل کو "بیٹا" کہہ کر مخاطب فرماتی ہیں لیکن سائل جناب کے علاوہ یہ حق اور کسی کو بھی نہیں دینا چاہتا اور اِن کی گھٹیا ذہنیت کو خوب سمجھتا ہے۔ لہذا مہربانی فرما کر ان کی طرف سے سائل کے لئے ایسے الفاظ استعمال کرنے پر پابندی لگائی جائے۔

علی زمان صاحب نے انکوائری افسر اور ایاز صاحب کے سامنے ایک موقع پر یہ بھی فرمایا کہ "ہم تو یہ سوچ رہے ہیں کہ آپ کو کہیں کورٹ میں چیلنج کریں جو کچھ آپ نے ہمارے بارے میں لکھا ہے" واہ واہ واہ!! بڑے معزز لوگوں کی توہین ہو گئی، سبحان اللہ، سبحان اللہ!!۔

جناب والا علی زمان صاحب جو کہ بڑی عمر میں ادارہ ہذا میں بطور طالبعلم داخل ہوئے تھے اور ایاز صاحب کے ہم مکتب ہیں اِن کے متعلق گزشتہ دنوں ایاز صاحب سے پتہ چلا کہ ادارہ کا ایک سابق طالبعلم جس کا نام نہیں لینا چاہتا اپنی والدہ کے ہمراہ کمرہ جماعت میں بیٹھا کرتا تھا۔ ایاز صاحب کی بینائی اُس وقت قدر تیز تھی جنہوں نے علی زمان صاحب کو کان میں بتایا کہ فلاں طالبعلم کی والدہ بھی یہیں بیٹھی ہے تو جناب قاری سعد نور صاحب جو کلاس لے رہے تھے اُن سے علی

جھوٹی اور مبنی پر بدنیتی انکوائری ایک بار پھر سائل کو پھنسانے کے لئے کر رہے تھے اِن کا منہ کالا ہوا۔

جناب والا! کبھی کبھار ایسا بھی ہو جاتا ہے کہ کوئی شخص اپنی زندگی سے اِس قدر تنگ آجاتا ہے یا کسی اور مقصد کے لئے بھی پولیس تو کیا جج کے سامنے بھی نہ کردہ گناہ کا بھی اعتراف جرم کر لیتا ہے اور میرے سامنے کئی مرتبہ مجسٹریٹ صاحب نے ایک ایسے شخص کو بار بار باہر بھیجا اور کہا کہ ہمارے طرف سے آپ پر کوئی دباؤ نہیں ہے۔ جو بڑے فخر سے اعتراف کر رہا تھا کہ اُس سے گرینیٹ برآمد ہوئے اور جج صاحب نے پوچھا کہ کیا تم مانتے ہو؟ تو اُس نے بڑے فخر سے چھاتی تان کر اور زمین پر پاؤں مار کر کہا کہ "ہاں مانتا ہوں" مگر جج صاحب اُسے بار بار اپنا بیان یہ کہ کر تبدیل کرنے کے لئے باہر بھیج رہے تھے کہ ہمارے طرف سے آپ پر کائی دباؤ نہیں سوچ سمجھ کر بیان دیں اور دوسروں کو بھی نصیحت فرما رہے تھے کہ اِسے سمجھائیں۔

جناب والا! ARY TV کے ایک مارننگ شو جس کی میزبان صنم بلوچ ہوا کرتی تھیں میں ایک سینئر قانون دان نے پولیس سے کہا کہ آپ نے جو ملزم پکڑا ہے یا آئندہ جو ملزم پکڑیں تو جب تک اُس کا 164 کا بیان قلم بند نہ کر لیا جائے اُسے نہ تو کسی وکیل سے ملوائیں اور نہ کسی رشتہ دار سے اور نہ ہی اُسے ماریں پیٹیں اور نہ ہی کوئی دباؤ ڈالیں بلکہ بڑے پیار محبت سے اُسے مجسٹریٹ پر پیش کر کے جب تک اُس کا 164 کا بیان نہ ہو جائے کسی سے اُسے ملوا کر بیان بدلوانیں کا موقع ہر گز نہ دیں جیسا کہ عموماً ہوتا ہے اور عارف قتل کیس میں بھی میں نے قاری سعد نور صاحب اور ایاز صاحب جیسے معزز لوگوں کی موجودگی میں DSP کو یہی تجویز دی تو ایاز صاحب نے مجھے بصد شکریہ بہت سراہا اور آئندہ کے لئے بھی اِس مقدمہ کے اُمور مجھے سونپ ڈالے لیکن جب ہم واپس جانے کے لئے گاڑی پر بیٹھے تو ایاز صاحب نے مجھے سراہانے کے ساتھ ساتھ اِس قانون کی بھی تنقیص کی مگر جب میں نے اُنہیں اِس کی منطق سمجھائی تو وہ مان گئے اور دوسروں کو بھی اِس نظریہ کا پرچار کرنے لگے۔

جناب والا! اب علی زمان صاحب جیسے ملزمان کے ساتھ بھی یہی سلوک ہونا چاہئے اور نا قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر کے باقی ماندہ ثبوت حاصل کرنے کیلئے اُن کا حسب ضرورت جسمانی اور عدالتی ریمانڈ بھی لیا جائے۔

دراصل ہمارے محکمہ کے لوگ اتنے باغی اور خودسر ہیں کہ کسی قانون کو بھی نہیں مانتے اور جس حوالہ سے سائل کو تنقید کا نشانہ بناتے ہیں خود اُس بات پر پورا اُترتے ہوئے ساری دنیا کو بے وقوف اور خود کو عقلمند ثابت کرتے ہوئے اور خصوصاً جس پارلیمنٹ وغیرہ نے قانون سازی کی ہوتی ہے سب سے زیادہ سیانے بن کر قانون کو ہی چیلنج کر ڈالتے ہیں اور میرے حوالے سے تاحال یہ پروپیگنڈا نابینا کمیونٹی میں جاری ہے کہ یہ جھوٹا ہے اور اگر یہ سچا ہوتا تو پولیس کے سامنے اپنا جرم کیوں مانتا۔ پولیس تو نابینا پر سختی کرتی ہی نہیں حالانکہ اِن کے ساتھ پولیس کا رویہ اور ہوتا ہے اور سائل کے ساتھ اور۔ نیز یہ جب سائل یہ بات کرتا تھا کہ پولیس کا رویہ نابینا افراد کے ساتھ امتیازی/مختلف ہوتا ہے تو اِسے نظر انداز کر دیا جاتا۔

جناب والا! سائل کے خلاف یہ پروپیگنڈا بالکل غلط اور بے بنیاد ہے کہ سائل کو محض نابینا پن کی وجہ سے رعایت ملی۔ حالانکہ قانون کسی کو بھی شک کی بنیاد پر ملزم سے مجرم بنا کر سزا نہیں دیتا اور ذرا سا بھی شک ہو تو ملزم کو بری کر دیا جاتا ہے تا کہ اُسے یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ میرے ساتھ قانون و انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوئے مگر چونکہ پورے پاکستان میں سائل کو بدنام کر دیا ہے اور یہ لوگ اپنایا اپنے باپ کا قانون سمجھتے ہوئے بار بار پروپیگنڈا کر کے سائل کو شدید ذہنی

آپ سب نے عزت افزائی کی اُس کا بہت بہت شکریہ آپ نے مجھ سے قانونی مشورے مانگے تو میں نے اپنی معلومات کی حد تک نہ صرف آپ کو انتہائی اخلاص کے ساتھ پُر خلوص مشورے دیے بلکہ پولیس کے سامنے بھی یہ بات رکھی کہ آپ ملزم کی گرفتاری اور اُس کے نام نہاد اعتراف جرم کو بُنیاد بنا کر ہمیں مطمئن کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور اِس کی جو قانونی حیثیت ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور پولیس نے بھی خود بعد ازاں اپنا یہی موقف اپنایا اور کہا کہ ہمارے سامنے تو ڈر کی وجہ سے ملزمان اعتراف جرم کر لیتے ہیں اور بعد میں مجسٹریٹ کے سامنے جب ضابطہ فوجداری کی دفعہ 164 کے تحت بیان دینے کی باری آتی ہے تو جج صاحب پولیس وغیرہ کو باہر نکال دیتے ہیں تا کہ ملزم پر کسی قسم کا دباؤ نہ ہو اور اُسے اپنے چیمبر میں بٹھا کر آرام اور تسلی سے چائے پلا کر ماجرہ دریافت کرتے ہیں اور اُسے سوچ سمجھ کر بیان دینے اور اپنے خلاف کوئی بھی بیان نہ دینے کا مشورہ دیتے ہیں اور قانون و انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لئے یہ اُن کی قانونی ذمہ داری بھی ہوتی ہے کہ وہ مُلزم کو تمام نتائج سے آگاہ کریں۔ پھر اُس کے بعد بھی اگر ملزم اعترافی بیان دے جو کہ عام طور پر نہیں دیتا تو پھر اُس کی بڑی زبردست ویلیو ہوتی ہے اور یہ چیز کیس کو مضبوط بنا دیتی ہے۔

نبی کریم ﷺ اور خلفائے راشدین کے پاس بھی جب کوئی شخص خود آ کر اعتراف جرم کرتا تھا تو وہ اُسے سزا سے بچانے کے لئے سمجھاتے اور اُس کے اِس اعترافی بیان کی بھی تاویلات فرماتے۔ جیسا کہ اسلامی سزاؤں کی ایک قسم ''حُدود'' کہلاتی ہے جن کے متعلق یہ حکم شرع ہے کہ بات بات پر شُبہ کر کے حُدود کو ساقط کر دیا کرو۔

سائل کے خلاف جو یہ ڈھنڈورا ہر فورم پر پیٹا جاتا رہا کہ اِس نے اعتراف جرم کیا ہے بالکل بے بُنیاد تھا اور اگر اِس بیان کی جو کہ زیر دفعہ CRPC 161 پولیس کے زیر نگرانی قلم بند کیا جاتا ہے اور جس پر ملزم کے دستخط بھی نہیں لئے جاتے تو اگر اِس کی کوئی قانونی حیثیت ہوتی تو عدالتیں اِس بات کو اہمیت کیوں نہ دیتیں؟ اگر عدالتوں کو آپ کی اِس سوچ سے اتفاق ہوتا تو کیا یہ بات عدالت کو معلوم نہ تھی کہ اِس نے پولیس کے سامنے بیان دیا ہے؟ چنانچہ جب سروس ٹریبونل نے سائل کی اپیل جس کا **نمبر 219/17 اپیل عنوان سجاد بنام سرکار** تھا سماعت کے لئے منظور ہوئی تو محکمہ کو نوٹس جاری کرتے وقت جج نیاز صاحب نے جو مقدمہ کی سماعت فرما رہے تھے سائل سے پوچھا کہ کیا آپ کا مجسٹریٹ کے روبرو بیان بھی ہے؟ تو سائل نے نفی میں جواب دیا جس پر جج صاحب نے استفسار کیا کے پھر یہاں لکھا ہوا جو ہے؟ تو سائل نے گزارش کی کہ یہ لوگ 161 کے بیان کو اعترافی بیان قرار دے رہے ہیں۔ تو اُنہوں نے فرمایا ''اچھا اچھا اچھا'' چنانچہ انکوائری افسر یہ بات سن کر مطمئن ہو گیا۔

یہ تو اُس روز کا واقعہ ہے جب انکوائری افسر نے مورخہ 11-08-2020 کو ہم فریقین کو پہلی سماعت کے موقع پر آمنے سامنے بٹھا کر ضابطہ دیوانی 1908ء کے مطابق جرح کا موقع دیے بغیر الگ الگ سُنا مگر جس روز ہمیں آمنے سامنے بٹھایا مگر بیانات حسب ضابطہ قلم بند نہ کیئے اُس روز اُن کی مزید تسلی کے لئے سائل نے یہ بھی بتایا کہ عدالت نے ایک کیس کی سماعت کے دوران مجھے معلوم ہوا کہ اب تو پولیس نے 161 کے بیانات قلم بند کرنے ہی چھوڑ دیے ہیں۔ نیز ایسے بیانات جن کی نہ تو کوئی ویڈیو ہو اور نہ ہی اُن کی بنیاد پر کوئی ثبوت ہاتھ لگا ہو محض دباؤ میں آ کر دیئے گئے بیانات کی کوئی قانونی حیثیت نہیں خواہ ایسے بیانات پولیس تو کیا سپریم کورٹ کے روبرو ہی کیوں نہ دیئے جائیں! جیسا کہ آسیہ مسیح کیس میں سپریم کورٹ کے ریمارکس تھے۔ چنانچہ محکمہ کی ماں مر گئی اور یہ لوگ جو بڑے دڑلے سے منصوبہ بندی کر کے

بعد کی بات تھی لیکن جو شخص پہلی ہی سے دُکھی ہوا اُسے مزید دُکھی کر کے اُس کے زخموں پر مزید نمک چھڑکنا ہرگز مناسب نہیں اور اِس سے مجرمان کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے تو جناب والا جب سائل پہلے ہی سے اِتنا دُکھی جو اِسی بناء پر اپنے ذاتی دُکھ بھی بیان کرتا رہتا ہے جسے محض دروغ گوئی اور افسانہ نگاری سے تعبیر کر کے سائل کے زخموں پر نہ صرف یہ کہ مزید نمک چھڑکا جاتا ہے بلکہ مزید مظلوم ہونے کے باوجود حکومتی ارکان تک کی طرف سے سائل کو غلط کہا جاتا ہے تو کیا یہ سائل پر زیادتی اور ملزمان اور مجرمان کی مزید حوصلہ افزائی نہیں؟

پہلے مذکورہ قیصر رحمان صاحب بلکہ مذکورہ انکوائری افسر بھی یہ ماننے کو تیار نہیں تھے کہ سائل پر اپنے خاندان کی جانب سے بھی بے پناہ ظلم وزیادتیاں ہو رہی ہیں۔ بہر حال سائل نے انکوائری افسر کی توجہ اِس طرف اُس وقت دلائی جب اُنہوں نے بھی روایتی طور پر سائل کی دُکھتی رگ کو مزید چھلنی کرتے ہوئے پوچھا کہ ''اچھا آپ کے جو گھر میں جھگڑے رہتے ہیں اُن کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟'' اگرچہ سائل نے اُنہیں بہت سمجھایا کہ یہ سائل کا نجی معاملہ ہے اور اِس سے آپ کا یا کسی کا کیا تعلق؟ اگر کوئی تعلق ہے تو وہ یہ کہ محکمہ سماجی بہبود خصوصی تعلیم کی خصوصاً معذور بلخصوص نابینا ادارہ جات وکمیونٹی کو میرا ساتھ دینا چاہئے نہ کہ مجھ پر زیادتی کرنے والے خاندان کا اور عمومی طور پر گھروں میں جھگڑے تو سب ہی کے ہوتے ہیں آپکے بھی ہوتے ہونگے؟ کون سے وہ دو برتن ہیں جو اکھٹے رکھے ہوں اور آپس میں کبھی بھی نہ ٹکرائیں۔ کونسی اولاد ہوگی جسے کبھی بھی ماں باپ کی طرف سے ڈانٹ ڈپٹ کا سامنا نہ کرنا پڑتا ہو؟، کونسے دو میاں بیوی ہونگے جن کا کبھی بھی آپس میں جھگڑا نہ ہوتا ہو دنیا میں کونسے دو ایسے افراد ہونگے جن کی مکمل طور پر آپس میں ذہنی مطابقت پائی جاتی ہوگی؟

سائل نے کہا کہ اُنہیں تو ایسی بات کرتے ہوئے اس لئے بھی شرم آنی چاہئے کہ اِن کا تو یہ دعویٰ ہے کہ جن خاندانوں میں معذور افراد کے ساتھ ظلم وزیادتی کر رویہ برتا جاتا ہے یہ اُن معذور افراد کی دادرسی کرتے ہیں حالانکہ یہ ہمارے دُکھوں میں مزید اضافہ کا باعث ہیں۔ جیسا کہ سائل نے بار بار اپنی تحاریر میں یہ عرض کیا ہے کہ سائل سمیت گھر میں اِس کے کُل 7 بہن بھائی ہیں جن میں سے 3 بھائی اور 4 بہنیں ہیں، جن میں سے ہم 4 بہن بھائی یعنی 2 بھائی اور 2 بہنیں نابینا ہیں اور 1 بہن عدم توجہ ہی کے باعث نابینا ہونے کے علاوہ ذہنی طور پر بھی معذور ہوگئی اور اب وہ خاندان پر ایک بوجھ ہے۔ بہر حال ہم 4 بہن بھائیوں کو خاندان یا معاشرہ کا حصہ ہی نہیں سمجھا جاتا اور یہ قرار دیا جاتا ہے کہ ہمارے والدین کے صرف 3 بچے ہیں یعنی 1 بھائی اور 2 بہنیں جو کہ بینا ہیں اُنہیں ہی صاحب وجود یا خاندان وغیرہ کے ارکان تصور کیا جاتا ہے۔ کیا ایسے لوگوں کا ساتھ دیتے ہوئے اِنہیں شرم نہیں آتی؟

انکوائری افسر نے پوچھا کہ اِس کا کوئی "proof" (ثبوت)؟ تو سائل نے کہا کہ انشاء اللہ وہ خود مانیں گے تو انکوائری افسر نے کہا یہ کیا ثبوت ہوا؟ سائل نے کہا کہ اِس سے بڑا ثبوت اور کیا ہوسکتا ہے کہ مخالف خود ہی اپنے خلاف موقف کو سچا تسلیم کرلے؟ نیز میرے متعلق بھی تو آپ بار بار پولیس کے سامنے نام نہاد اعتراف جرم کا حوالہ دیتے ہیں اور اِسے میرے خلاف ایک ثبوت کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

ایاز صاحب کا شکریہ کہ اب پولیس کے سامنے زیرِ دفعہ 161 ضابطہ فوجداری اعتراف یا بیان کی قانونی حیثیت کے متعلق خود اُنہیں بھی یہ بات سمجھ آگئی ہے اور خصوصاً عارف کشمیری مرحوم کے قتل کیس میں جو میرا کردار رہا اور جو میرے

ہو چکی تھی اور رات ہو رہی تھی۔ انکوائری افسر کو چارسدہ جانے کی جلدی تھے اور وہ کہہ رہا تھا کہ میرے پاس یہاں رہنے کیلئے مزید کپڑے بھی نہیں اور میں روز روز چارسدہ سے نہیں آسکتا۔

جناب والا سائل نے تو اپنے زمانہ طالبعلمی میں غسل خانہ میں جا کر نہانے کے بہانے الحمداللہ مشت زنی نہیں کی تھی۔ سائل تو بہت چھوٹی عمر میں یہاں داخل ہوا تھا اور تجمل وغیرہ کے شکریہ کہ اُنہوں نے گواہی دی کہ سائل لڑکپن میں بہت مذہبی تھا اور خالد صاحب نے بھی کہا کہ یہ شخص بدکردار ہرگز نہیں ہے لیکن جیسا کہ پہلے تفصیلات گزچکیں کہ علی زمان صاحب بری عمر میں جبکہ وہ داڑھی منڈھواتے تھے ادارہ میں آئے اور ایاز صاحب بتاتے ہیں کہ یہ غسل کرنے کے بہانے غسل خانہ میں جا کر بہت زیادہ مشت زنی کرتے اور نیاز واٹرمین اِن کی اِس حرکت کو کہیں نہ کہیں سے دیکھ لیتا اور ایاز صاحب کو آکر بتاتا کہ اِن کا تو سارا جسم نہایت کالا ہے اور یہ انتہائی کالے عضوتناسل کو لے کر بہت سخت مشت زنی کرتے ہیں۔

ایاز صاحب نے بتایا کہ ہمیں سینئر طالبعلم ہونے کے ناطے ماسٹربیشن سمیت جملہ برائیوں میں مبتلا کرنے والا شخص یہی تھا۔ کئی عورتوں کے ساتھ اِن کا معاشقہ تھا اور یہ بانسری بجا کر اور رومال میں چھپا چھپا کر اُنہیں تحائف دے کر اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کرتے۔ علی زمان صاحب کا اپنا یہ کہنا ہے کہ "میں تو مذہب کی طرف آیا ہی نابینا ہونے کے بعد ہوں۔ میں نے اُس کے بعد ہی نماز پڑنی شروع کی تھی"۔

14۔ موصوف نے مجھے انکوائری افسر کے روبرو دورانِ گفتگو گالیاں بھی دیں جن کی طرف بھی میں نے انکوائری افسر کی توجہ دلائی جسے نظرانداز کر دیا گیا۔ اُنہوں نے کہا کہ "آپ تو بے نسلے ہیں" ایاز صاحب کا شکریہ کہ اُنہوں نے جناب کے سامنے اِس بات کی بھی تصدیق کی۔ مزید براں اُنہوں نے کہا کہ "او یار آپ تو ایسے بے نسلے ہیں کہ جس نے آپ کو بھرتی کروایا اور جنہوں نے آپ کو پیدا کیا اُن پر بھی تھوکتے ہیں" حالانکہ آپ سب یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ یہ بات سائل کے لئے کس قدر تکلیف دہ ہے اور سائل کا ہمیشہ یہی موقف رہا ہے کہ ایسی باتیں کرنا اِن فلاحی ادارہ جات وتنظیمات کے اغراض و مقاصد اور نظریات کے سراسر منافی ہے جس بناء پر بھی اِنہیں یہاں ملازمت کرنے کا کوئی حق نہیں۔

جناب والا جیسا کہ چیف سیکرٹری آفس اور نہ جانے کہاں کہاں اِن لوگوں نے سائل کی ذاتی معاملات کو اُچھال رکھا ہے اور جیسا کہ سائل نے تفصیلاً اپنے چارج شیٹ کے جواب میں بیان کیا تھا کہ اِن لوگوں نے غالباً ڈائریکٹر PMDU چیف سیکرٹری آفس جناب قیصر رحمان صاحب تک بھی یہ باتیں پہنچائی ہوئی ہیں اور اُنہوں نے بھی سائل کے گھریلو مسائل کے حوالے سے سائل کی شدید کردارکشی اور سائل کو شرمندہ کرنے کی کوشش کی مگر والدام کا شکریہ کہ اُنہوں نے میرا ساتھ دے کر اِن کا منہ کالا کیا۔

جناب والا گزشتہ دنوں جس عورت کے ساتھ گجر پورہ لاہور روڈ پر رات کے وقت زیادتی ہوئی جو کہ اکیلے سفر کر رہی تھی اگرچہ سائل اُس خاتون کے ذاتی معاملات سے تو واقف نہیں اور نہ ہی اِس پر کوئی تبصرہ کرنا چاہتا ہے لیکن شرعی لحاظ سے کوئی بھی عورت بغیر محرم کے اتنا طویل سفر رات کے انتہائی پہر میں نہیں کرسکتی اور CCPO لاہور نے اِس اسلامی تعلیم کی طرف میڈیا کی توجہ دلاتے ہوئے کہا تھا کہ یہ خاتون گھر سے اکیلی نکلی اگرچہ CCPO نے مجرمان اور ملزمان کو پکڑنے سے یا پولیس کی ذمہ داریوں سے انکار نہیں کیا لیکن اِس کے باوجود ہر طرف شور مچ گیا کہ مظلوم کو غلط کیوں کہا؟ مشورہ دینا

حاضر ناظر جان کر صدق دل سے کعبہ کی طرف منہ کر کے نہا دھو کر مسجد میں کھڑے ہو کر قسم کھاتا ہوں تو جناب والا اگر جو میں قسمیں انہیں دیتا رہا انہوں نے محض تکیہ کلام کے طور پر انہوں نے کھائیں تو کیا یہ مذکورہ بالا طریقہ کے مطابق حلف دے کر اپنے خلاف الزمات کی تردید کریں گے؟

بہر حال انکوائری افسر اوران سب کا زور اس بات پر تھا کہ تم صرف قسم کھا کر اپنے زہر والے الزام کو جھٹلاؤ اور باقی باتوں کو چھوڑ و اور سائل نے ایسا ہی کیا لیکن ایاز صاحب نے پھر بھی بس نہ کی اور کہا کہ کیا تم آیت مباہلہ کے بارے میں جانتے ہو؟ پھر اس آیت کا شان نزول بیان کرتے ہوئے کہا کہ تم بھی اسی طرح حلف اٹھاؤ اور کہو کہ اگر میں نے زہر ملایا تو اللہ تعالیٰ مجھے تباہ کرے اور انکوائری افسر بھی خوش ہو کر بولا کہ بولو سجاد' اب کیوں چپ ہو گئے (حالانکہ سائل خاموش نہیں ہوا تھا) اور زہر بھی کوئی بھی ہو خواہ ہلکا پھلکا ہی کیوں نہ ہو' اسے گویا میرے خلاف ایک جواز مل گیا تھا اور وہ زور زور سے گرجنے لگا کہ یہ تو بات بات پر کہتا ہے کہ میں زہر دے دوں گا اس کی اپنی تحاریر میں جا بجا اس کا اعتراف ملتا ہے یہ کہہ کر اس نے مجلس برخواست کردی اور ایاز صاحب نے آخر میں پھر کہا کہ باقی باتوں کو چھوڑو (خواہ وہ اس سے زیادہ سنگین نوعیت ہی کی کیوں نہ ہو) صرف اس بات کی قسم کھاؤ میں یہ بات سن سن کر تنگ آ گیا ہوں کہ ہم نے پلین کر کے اسی پھنسایا ہے اگر ہم نے پلین کیا ہو تو اللہ تعالیٰ ہمیں تباہ کرے حالانکہ سارے قصے سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت سائل کو پھنسانے کے لئے مذکورہ مقدمہ زیر دفعات J 337 اور PPC 511 بنایا لیکن علی زمان صاحب نے مجھ پر دباؤ ڈالتے ہوئے کہا کہ ہم نے تو آپ کو اپنے بھائی سمجھ کر اس معاملہ میں دلچسپی ہی نہ لی ورنہ ہم پولیس والوں کو پیسے دے کر آپ پر ایسی ایسی دفعات لگاتے کہ آپ کا پتا چلتا آپ پر تو دہشت گردی کی بھی دفعہ لگ سکتی ہے۔ جناب والا! سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر بالفرض سائل نے واقعی زہر ملایا ہے تو اس کا ذمہ دار کون ہے کس نے سائل کی درخواستوں پر کوئی کاروائی نہ کی اور کس نے سائل کو مایوس کیا انکوائری افسر کے رویہ سے یوں معلوم ہوتا تھا کہ جیسا کہ سائل نے یہ مؤقف اختیار کیا تھا کہ کیا کوئی جرم بغیر وجہ کے بھی ہوتا ہے تو وہ یہ قرار دینے چاہتا تھا کہ اس نے اعتراف کیا کہ چونکہ مجھے ان لوگوں کی جانب سے بہت تنگ کیا گیا اور کہیں میری شنوائی نہ ہوئی تو میں نے تنگ آ کر زہر ملا دیا اور وہ آخر میں بہت گرج گرج کر مجھ سے پوچھ رہا تھا ''ایکشن کاری ایکشن؟'' لیکن میں نے سوچا کہ تم ایک بار یہ لکھو تو سہی تم میتی بجے لگتے ہو اور اس بات پر اکتفاء کر کے وہ ایسا دفعہ ہوا کہ آپ تک اس کا کچھ بھی معلوم نہیں ان لوگوں کو اس سے کیا غرض کہ کون کیا کرپشن کر رہا ہے یہ کون سا کسی کو اپنی ذاتی جیب سے تنخواہ دیتے ہیں انہیں تو صرف اس شخص سے غرض ہوتی ہے جو ان کی کرپشن میں خلل ڈالے۔

13۔ جناب علی زمان صاحب نے چونکہ پہلے اپنے بیانیہ میں عدالتی کیس کے دوران یہ قرار دیا تھا کہ سائل میرا شاگرد ہے اور لڑکپن ہی سے اس کا چال چلن ٹھیک نہیں تھا حالانکہ سائل نے کبھی بھی احتراماً موصوف کے چال چلن کو کھول کر بیان نہیں کیا اور انکوائری افسر نے ان کے لڑکے کو اس وجہ سے بھی باہر نکالا تھا کہ اب ان کے چال چلن کو کھول کر بیان کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ چنانچہ اس نے نکالتے ہوئے آہستہ سے یہ بھی کہا ''ایسی باتیں ہونگی کہ۔۔۔۔۔'' لیکن اس کی بھی نوبت نہ آسکی اور چونکہ کیمرہ میں بھی ساری کاروائی ریکارڈ نہیں ہو رہی تھی اور سائل کو ان سے شدید جانی خطرہ بھی تھا اور شام بھی

باہم مقابلہ کروایا جائے تو؟؟۔

جب علی زمان صاحب کے پاس انکوائری افسر کے سامنے کوئی چارہ نہ رہا تو انہوں نے اپنی پرانی منطق بیان کرنا شروع کر دی:

"ملازمت اور سند کو چیلنج کرنے کے لئے ایک خاص مدت اور لمٹ ہوتی ہے ہم اس سے گزر آئے ہیں" جناب والا! پانامالیکز میں سپریم کورٹ آف پاکستان نے ایسے ہربوں کو ٹیکنیکل جسٹس (تکنیکی انصاف) سے تعبیر کیا تھا۔

جہاں تک رہی ان کی یہ بات کہ ایک خاص مدت کے بعد انسان بھول بھی سکتا ہے اس سے کوئی چوٹ بھی آسکتی ہے اور وہ کسی دماغی عارضے میں بھی مبتلا ہو سکتا ہے تو جناب والا! کیا باقی باتیں انہیں یاد رہتی ہیں وہ صرف اسی قسم کی باتیں بھول لیتے ہیں۔ نیز اگر اس کا دماغ اس حد تک خراب ہو چکا ہے تو وہ ملازمت کر کے دوسروں کا مستقبل کیوں برباد کر رہے ہیں؟

جب سائل کے خلاف کچھ کرنا ہو مثلاً یہ کہنا ہو کہ اسے کرسی بننے کا کام جس کے لئے یہ بھرتی ہوا نہیں آتا تب تو انہیں مخصوص مدت یاد نہیں آتی اور جب انہوں نے سائل کو بلیک میل کرنا ہو تو بہت پرانی بات بھی جاگ جاتی ہے جیسا کہ پہلی مرتبہ بشمول علی زمان صاحب جب میرے تبادلہ کی درخواست جملہ سٹاف کی طرف سے 2012ء یعنی میری بھرتی کے 4 سال بعد لکھی گئی تو انہوں نے کہا کہ اسے کرسیاں بننے کا کام نہیں آتا اور اب بھی بار بار یہی فرما رہے تھے حالانکہ کسی جرم کو اتنا عرصہ پوشیدہ رکھنا بھی ایک جرم ہے، بہر حال دھوکہ دہی ایک فوجداری جرم ہے اور سائل نے سینئر وکلاء سے سن رکھا ہے اور کئی عدالتی نظائر بھی ہیں کہ فوجداری مقدمات میں کوئی وقت کی قید اتنی زیادہ اہمیت کی حامل نہیں ہوتی۔ بہر حال علی زمان صاحب جیسے لوگوں پر سوال اور اعتراض ضرور اٹھتا ہے کہ پہلے کافی عرصہ تک انہیں کسی کی نااہلی نظر نہیں آتی اور جب انہی کو چیلنج کرتا ہے تو پھر اس کی نااہلی انہیں نظر آجاتی ہے جس کی بنیاد پر وہ شکایت کنندہ کو بلیک میل کرتے رہتے ہیں۔

جب سائل ان سے حلف لینے کی بات کرتا تو وہ آگے سے اپنے خلاف لگائے گئے الزام کا جواب حلفاً دینے کے بجائے جواباً سائل سے پوچھتے کہ "آپ بھی قسم اٹھائیں کہ کیا جب آپ بھرتی ہوئے تھے تو آپ کو اپنے کام کی مہارت تھی یا کرسی بننے آتی تھی؟" سائل نے بہر حال حلف اٹھا کر اثبات میں جواب دیا نیز وہ اور باتوں کے حوالے سے بھی کہتے کہ کیا آپ حلفاً کہتے ہیں کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

وہ یہ بھی پہلے ہی دن سے کہہ رہے تھے کہ آپ (میری نااہلی یا فلاں فلاں چیز نہ آنے کے بارے میں) ایسی باتیں چھوڑیں اور اس روز جب میں ریاض صاحب ان کے ہمراہ انکوائری افسر کے روبرو ہم چاروں بیٹھے تھے تو ریاضی کے مسئلہ کی جو میں نے تفصیلات بیان کیں ان کی بھی گویا تصدیق کرتے ہوئے اور شہادت دیتے ہوئے اس کو تسلیم کرتے ہوئے بولے "کیا آپ حلفاً بتا سکتے ہیں کہ آپ نے کبھی کوئی نقل نہیں کی کیا آپ حلف اٹھا کر کہہ سکتے ہیں کہ آپ کی طرف سے رائیٹر نے کبھی کوئی لفظ اپنے پاس سے نہیں لکھا؟، کیا آپ قسم کھا کر کہہ سکتے ہیں کہ Maths کا پرچہ آپ نے خود لکھا تھا؟، کیا آپ نے کوئی ایک لفظ بھی ریاضی کے پرچہ میں خود لکھا یا سارا رائیٹر نے حل کیا؟"۔

وہ یہ بھی بولے کہ یہ تو اب تکیہ کلام بن چکا ہے کہ میں حلفاً کہتا ہوں (یعنی وہ یہ بھی کہہ رہے تھے اگر میں بھی بے خیالی میں یا محض ایک دو مرتبہ جھوٹی قسم بھی کھا لوں تو کوئی بات نہیں) وہ کہنے لگے کہ صحیح قسم یہ ہوتی ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کو

بالا اولیاء کرام کے حوالے سے بحث ہوئی تھی تب بھی علی زمان صاحب نے قرآن مجید کو مذکورہ بالا جملہ کہہ کر ایک مختصر کتاب قرار دیا تھا اور اب جب جماعت پنجم میں علی زمان صاحب کے بعد فردوس عباسی صاحب کے پیریڈ کی باری آئی تو میں نے علی زمان صاحب کی منطق کی پیروی کرتے ہوئے جناب عباسی صاحب کے سامنے یہ بات کر ڈالی کہ ”قرآن مجید ایک مختصر کتاب ہے“ جس پر انہیں شدید غصہ آیا اور جیسا کہ سابقہ تحاریر میں بھی سائل اِس بات پر زور دیتا چلا آیا ہے کہ جو لیکچرز جناب فردوس عباسی صاحب سمیت دیگر اساتذہ ہمیں دیا کرتے تھے وہ آج نہیں پائے جاتے۔ بہر حال عباسی صاحب نے کافی وقت تک مجھے اِس بارے میں لیکچر دیا کہ ”قرآن ایک مفصل کتاب ہے“ وہ ”مُفصِل“ کے لفظ کو انتہائی عالمانہ اور فاضلانہ انداز سے اور زور دے کر ادا کر رہے تھے اور جب عبدالبصیر صاحب پڑھانے کے لئے کمرہ جماعت میں داخل ہوئے اور عباسی صاحب ایک اور پیریڈ لے کر کلاس سے باہر نکل رہے تھے تو بصیر صاحب سے کہنے لگے کہ ”آج صبح اِس نے ایک بات کہی ہے جس پر مجھے بری لہر چڑی ہے (شدید غصہ آیا ہے) اِس نے کہا ہے کہ قرآن ایک مختصر کتاب ہے اور کہتا ہے کہ یہ بات مجھے علی زمان صاحب نے بتائی ہے“۔

حاصل کلام یہ کہ علی زمان صاحب بات تو درست کر رہے تھے اور فردوس عباسی صاحب بھی اپنی جگہ درست بات فرما رہے تھے کہ قرآن مجید ایک مفصل کتاب ہے جس میں زندگی کے ہر شعبہ سے متعلق اور انسانی ذہن میں ابھرنے والے ہر سوال کا مفصل اور مدلل جواب مختصر اور جامع انداز میں دے کر انسانیت کی مکمل رہنمائی فرمائی لیکن چونکہ ان کی علمی سطح ایسی نہ تھی کہ یہ اپنا مدعا بیان کر پاتے کہ یہ کیا کہنا چاہتے ہیں؟

جناب والا! علی زمان صاحب جیسے لوگ کیوں BA پاس ہونے کے باوجود ٹائپنگ نہیں کر سکتے؟ اگر ان کا کہنا یہ ہے کہ ان کی دلچسپی اس طرف نہیں رہی تو یہ سوائے چند رٹے رٹائے الفاظ کے کیوں کسی لفظ کے سپیلنگز نہیں بتا سکتے اگر یہ لفظ قائداعظم کے ہجے نہیں جانتے یا بھول چکے ہیں تو یہ کس لفظ کے بارے میں بتا سکتے ہیں؟

جناب والا! اردو میں تو یہ بینا سکول میں بھی پرائمری تک پڑھے اور یہاں بھی پڑھتے رہے مگر سائل دعوے سے کہتا ہے کہ ان کے مقابلہ میں میرا چھوٹا نابینا بھائی جو اسی ادارہ میں زیرِ تعلیم رہا بلکہ چھوٹی نابینا بہن جو لائٹ ہاؤس سکول برائے نابینا طالبات ایبٹ آباد میں پرائمری تک زیرِ تعلیم رہی اور کچھ عرصہ جماعت ششم تک پڑھی وہ بھی ان سے بہتر ہجے وغیرہ جانتی ہے۔

جناب والا! ہم نے اپنے زمانہ طالب علمی میں جماعت پنجم میں سندھ ٹیکس بک بورڈ کی پرانی سائنس کی کتاب میں نظام شمسی کے 9 سیاروں کے نام اردو میں پڑھے تھے اور جب پنجاب میں سائل مڈل کر رہا تھا تو سائنس کی کتاب میں انہی سیاروں کے نام اردو کے علاوہ انگریزی میں بھی پڑھے اور مزید تفصیلات بھی مگر یاد کچھ نہ ہوا۔

کچھ عرصہ قبل سائل کے چچا زاد بیٹے اور پھوپھی زاد بیٹی جو کہ آپس میں میاں بیوی ہیں کے ایک دس سالہ بیٹے عبداللہ کے سامنے میری تعریف اور میرا ذکر خیر کیا گیا کہ یہ استاد ہے اور نابینا بچوں کے سکول میں پڑھاتا ہے تو وہ جو جماعت دوئم کا طالب علم تھا مجھ پر طنز کرنے لگا اور مجھے معلم تسلیم کرنے سے صاف صاف انکار کرتے ہوئے کہنے لگا کہ اگر آپ واقعی استاد ہیں تو مجھے ان سیاروں کے بارے میں بمعہ ان کے ناموں کے بتائیں جس پر سائل کو سخت شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ جناب والا! اس دوسری جماعت کے طالب علم کے سامنے اگر علی زمان صاحب جیسے اساتذہ کو لا کر ان کا

کی قبروں پر جا کر سجدے کرتے ہیں'' اُنہوں نے دوبارہ پوچھا تو سائل نے دوبارہ اپنی بات دہرائی تو موصوف نہایت غضب ناک ہو گئے اور پوچھا کہ کون سی ولی کی قبر کو سجدہ کیا جاتا ہے؟ سائل نے حبیب اللہ صاحب کے نظریات پیش کئے تو علی زمان صاحب نے پوچھا کہ ''سجدے میں آپ کیا پڑھتے ہیں''؟ سائل نے سجدے کی تسبیح بتائی ''سبحان ربی اعلیٰ'' اُنہوں نے پوچھا کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ جو کچھ تیسرے جماعت کی اسلامیات میں ترجمہ لکھا ہوا تھا سائل نے ہو بہو وہی بتایا اور موصوف نے بھی آہستہ سے اُسے دہراتے ہوئے مزید فرمایا کہ ''میں نے تو آج تک کسی زارت (زیارت) پر یہ نہیں سُنا کہ سبحانَ پیر مہر علی شاہ اعلیٰ، سبحان داتہ صاحب اعلیٰ'' موصوف نے اتنا بھی نہ سوچا کہ جب ابلیس کے سوا سب فرشتوں نے حضرت آدمؑ کو جب سجدہ کیا تو کیا سبحانَ آدم اعلیٰ کہا ہوگا؟ یا جب یوسفؑ کو خواب میں گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند نے سجدہ کیا یا اس کی تعبیر میں اُن کے والدین اور بھائیوں نے جب اُنہیں سجدہ کیا تھا تو کیا سبحانَ یوسف اعلیٰ کہا تھا؟ کیا جب کُفار اپنے معبودانہ باطلہ کو سجدہ کرتے تھے یا کرتے ہیں تو کیا وہ سبحانَ ۔۔۔۔۔۔۔ اعلیٰ کہتے ہیں؟

۲۔ <u>موصوف جیسی شخصیت کو بھی کچھ عرصہ ادارہ کا نگران انچارج ہونے کا شرف حاصل رہا ہے</u> تو اپنی عاجزی جتلانے کے لئے کہا کرتے تھے کہ فلاں نے مجھے ''صاحب'' کہہ کر نہیں پکارا تو میں خفا نہیں ہوتا کیونکہ یہ میرے لئے عزت کی بات ہے <u>اللہ کو بھی تو لوگ اللہ صاحب یا محمد اللہ یا اللہ احمد یا اللہ خان</u> وغیرہ نہیں کہتے۔

۳۔ جب موصوف مجھے جماعت پنجم میں پڑھاتے تھے تو اُردو کی کتاب میں سبق نمبر 5 ''پیٹ کا درد'' تھا جس میں بتایا گیا تھا کہ اگر کھانے پینے میں احتیاط نہ کی جائے تو انسان پیٹ کے درد جیسے مرض اور تکلیف میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ اس طبی نوعیت کے سبق کی مناسبت سے سائنس پر میرے اور اُن کے درمیان بحث چھڑ گئی اور پہلی مرتبہ اُنہوں نے بتایا کہ قرآن وحدیث میں جو حقائق 1400 سال پہلے بتائے گئے تھے سائنس آج اُن کی تصدیق کر رہی ہے تو میں نے اُن سے پوچھا کے قرآن مجید میں تو آیا ہے کہ سورج، چاند اور ستارے گردش کر رہے ہیں جبکہ سائنس سورج کو ساکن مانتی ہے اور زمین کی گردش کی قائل ہے تو آپ اِن کی Sense کا اِس بات سے اندازہ لگا سکتے ہیں کہ بوجود ہے کہ یہ جانتے بھی ہیں کہ عربی میں ''شمس'' سورج کو کہتے ہیں لیکن سورہ رحمٰن کی جو آیت اپنی تقریر کے دوران موصوف نے جو پڑھی اُس میں یہ لفظ آتا ہی نہیں (رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ) لیکن اس آیات کا ترجمہ کرتے وقت موصوف بولے کے ''اسکا ترجمہ یہ ہے کہ وہ رب جو سورج کو مشرقوں سے طلوع کرتا ہے اور مغربوں میں غروب کرتا ہے'' جیسا کہ پہلے عرض کیا کہ نہ تو اِس آیت مبارکہ میں کہیں سورج کا ذکر ہے اور نہ طلوع وغروب کا کوئی لفظ آیا ہے لیکن اس آیت کی تشریح میں موصوف کی مزید عجیب وغریب منطق ملاحظہ فرمائیے:۔

''اِس سے پتہ چلا کہ دو مشرقیں اور دو مغربیں ہیں جب کہ ہم صرف ایک مشرق اور ایک ہی مغرب سمجھتیں ہیں سائنس جوں جوں دن بہ دن ترقی کر رہی ہے اور نئی نئی دریافتیں سامنے آرہی ہیں اور قرآن کی مزید تصدیق ہو رہی ہے تو ہو سکتا ہے کہ آگے چل کر کسی دوسری مشرق اور مغرب کا علم ہو جائے۔ قرآن مجید تو ایک (نعوذ باللہ) ایک مختصر کتاب ہے اگر قرآن میں ہر بات لکھی ہوتی تو اتنی بری کتاب کون کوئی کیسے پڑتا اور یاد کرتا لیکن اِس چھوٹی سی آیت میں اللہ تعالیٰ نے یہ بتادیا کہ وہ سورج کو مشرقوں سے نکالتا ہے اور مغربوں میں ڈوبتا ہے یعنی دو مشرقیں اور دو مغربیں ہیں اگر سائنس چاند پر پہنچنے اور دوسرے سیاروں کی دریافت کا دعویٰ کر سکتی ہے تو دوسری مشرق اور مغرب بھی دریافت ہو سکتی ہے'' جب مذکورہ

نمبر- 2فل Contraction کی مثال

نقاط نمبر 4,5,6 +زیر (ایک پانچ) ''استعمال'' بن جاتا ہے۔

مندرجہ بالا تفصیل سے پتہ چلا کہ سنگل کنٹرکشنز ڈبل یا فل کنٹرکشنز کی نسبت آسان ہوتے ہیں مگر موصوف کو یہ ابتدائی Contracted Braille بھی پڑھانا نہیں آتی اور چوتھی جماعت سے مکمل مخففات (فل کنٹرکشنز) والی بریل یعنی بریل کا درجہ دوئم (گریڈ II) شروع ہو جاتا ہے جیسا کہ پہلے تفصیلات گزر چکی ہیں کہ بریل چونکہ بہت زیادہ جگہ گھیرتی ہے لہذا اسے اِس درجہ میں مختصر نویسی کے اُصول کے تحت لکھا جاتا ہے۔

دوسری بات یہ کہ ہماری تیسری کی اسلامیات میں چونکہ بہت زیادہ عربی تھی اور ایمان مفصل اور ایمان مجمل کے تشریحی اسباق کے علاوہ نماز کا طریقہ اور اس حوالہ سے متعلقہ اسباق شامل کئے گئے تھے۔ موصوف کے بس میں اس کی تدریس نہ تھی۔

چنانچہ اُنہوں نے آواز دے کر مجھے ساتھ والی کلاس سے بلوا کر فاروق کو پڑھانے کا حکم دیا۔ جب سائل اُسے ایمانِ مفصل کی تشریح کے تحت والیوم آخر کے زیرِ عنوان قیامت کی نشانیوں کے متعلق سبق پڑھا رہا تھا اور سبق میں آیا کہ جب قیامت قریب آ جائیگی تو دُنیا میں ہر طرف بڑائیاں پھیل جائیں گی اِس پر سائل نے اُستاد علی زمان صاحب کی توجہ حاصل کرتے ہوئے اُنہیں مخاطب ہو کر کہا کہ برائیاں تو ابھی بھی پھیلی ہوئی ہیں جس سے اُنہوں نے اتفاق کیا۔

پھر جب ہم دجّال کے بارے میں پڑھنے لگے اور یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اُس وقت ہمارے ادارہ کا ماحول نہایت اچھا اور علمی ہوا کرتا تھا۔ ہم فارغ اوقات میں بھی ایک دوسرے کے ساتھ علمی گفتگو کیا کرتے تھے اور اساتذہ کرام بھی ہمیں سبق سے بہت زیادہ تشریح اور اضافی معلومات بھی فراہم کیا کرتے تھے۔ چنانچہ کتاب میں صرف اتنا درج تھا کہ ''دجّال ایک بے ایمان شخص لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے نکلے گا'' مگر اساتذہ کرام نے ہمیں اِسکی بہت سی تفصیلات بتائی تھیں جو فارغ اوقات میں میں نے طلباء سے پہلی مرتبہ دجّال کے متعلق سُنا کہ وہ خُدائی کا دعویٰ کرے گا اور اُس وقت تک سائل جماعت اول کا طالبعلم تھا اور تیسری تک نہیں پہنچا تھا تب بھی دجّال کے متعلق بہت کچھ جانتا تھا اور فارغ اوقات میں دیگر طلباء و اساتذہ سے اُس کے متعلق تبادلہ خیال کرتا تھا اور تیسری جماعت میں پہنچ کر مجھے اور بھی اُس کے متعلق معلومات حاصل ہوئیں۔

جنابِ والا! کیا آج کی اعلیٰ جماعتوں کے طلباء کے پاس بھی یہ معلومات ہیں؟ بلکہ گزشتہ دنوں کیننگ کی کلاس میں جو کہ ہماری ورکشاپ میں منعقد ہو رہی تھی کین سُپر وائزر شکیل صاحب نے بچوں کی فراغت سے فائدہ اُٹھا کر اُنہیں کچھ اضافی معلومات دینا چاہیں تو اعلیٰ جماعتوں کے بچوں کو بھی شیطان کے متعلق معلومات نہ تھیں جب کہ سائل کو اِس بارے میں جماعت اول ہی میں معلوم ہو چکا تھا جو فارغ وقت میں گھومتے پھرتے ہوئے میرے ایک ہم جماعت ساتھی عبداللہ جو کہ اُستادِ محترم اسرار شاہ صاحب کا بھائی تھا کی زبانی معلوم ہوا۔

چونکہ اُس وقت سائل ابھی بچہ تھا اور مختلف فرقوں، مسالک اور اُن کے عقائد کے متعلق اتنا نہ جانتا تھا لہذا جب دجّال والی بات آئی تو سائل نے ایک بار پھر اُستاد صاحب کو خوش کرنے کے لئے اُن کی توجہ حاصل کرتے ہوئے معلمِ اسلامیات جناب حبیب اللہ صاحب جو کہ دیو بندی المسلک ہیں کی فراہم کردہ معلومات کی روشنی میں ان سے مخاطب ہوا لیکن یہ نہ جانتا تھا کہ جناب علی زمان صاحب بریلوی المسلک ہیں۔ میں نے کہا کہ ''جناب آج کل بھی تو لوگ اولیاء کرام